آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 35 | بروز بدھ 08 مارچ 2023ء بمطابق 15 شعبان 1444ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 57

کوئی بھی معاشرہ خواتین کی شرکت کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا، وزیراعلیٰ بلوچستان

ہم اصلاحات کے ایجنڈے کے تحت چادر اور چار دیواری کے تقدس کو برقرار رکھتے ہوئے ہر شعبہ ہائے زندگی میں خواتین کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں

صنفی مساوات اور ترقی نسواں کی پالیسی کے حامی ہیں جس کا مقصد خواتین اور بچیوں کے لیے بامعنی اصلاحات کرتے ہوئے ان کو ایک بہتر، پائیدار اور موزوں ماحول دینا ہے میر عبدالقدوس بزنجو

ہمارے ملک کی نصف آبادی خواتین پر مشتمل ہے جنہیں ترقی کے عمل میں شامل کرنا ناگزیر ہے خواتین کو تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ کاروباری سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لئے اقدامات کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ کوئی بھی معاشرہ خواتین کی شرکت کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا ہم اصلاحات کے ایجنڈے کے تحت چادر اور چار دیواری کے تقدس کو برقرار رکھتے ہوئے ہر شعبہ ہائے زندگی میں خواتین کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں عالمی یوم خواتین کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ صنفی مساوات اور ترقی نسواں کی پالیسی کے حامی ہیں جس کا مقصد خواتین اور بچیوں کے لیے بامعنی اصلاحات کرتے ہوئے ان کو ایک بہتر، پائیدار اور موزوں ماحول دینا ہے اور تمام شعبوں میں ان کی شراکت بقیہ نمبر2 صفحہ3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

لاہور وزیراعظم شہباز شریف رمضان پیکج کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کا مہنگائی سے ستائے غریب عوام کیلئے بڑا رمضان پیکیج تیار

غریب گھرانوں کو مفت آٹا فراہم کی منظوری، وزیراعظم کی غریب گھرانوں کو رمضان پیکج کے تحت آٹے کی فراہمی پر جامع حکمت عملی جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت

پنجاب ماڈل کی طرز پر ملک بھر میں رمضان پیکج کی غریب عوام کو فراہمی کے لئے وفاق صوبوں کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا، وزیراعظم شہباز شریف

پہلی دفعہ غریب گھرانوں کو مفت آٹے کی فراہمی کا یہ اپنی نوعیت کا پہلا پیکج ہے، پہلے مرحلے میں صوبہ پنجاب میں غریب ترین لوگوں کو خصوصی رمضان پیکج کے تحت مفت آٹا فراہم ہوگا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مہنگائی سے ستائے غریب عوام کے لئے بڑا رمضان پیکج تیار کرلیا اس ضمن میں رمضان پیکج کے تحت غریب گھرانوں کو مفت آٹا فراہم کرنے کی منظوری دیدی، یہ فیصلہ وزیراعظم کی زیر صدارت پنجاب میں رمضان پیکج کے تحت مفت آٹے کی فراہمی کے جائزہ اجلاس میں کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق پہلی دفعہ غریب گھرانوں کو مفت آٹے کی فراہمی کا یہ اپنی نوعیت کا پہلا پیکج ہے وزیراعظم کی خصوصی ہدایت پر مفت آٹے کی فراہمی کا پیکج تیار کیا گیا، پہلے مرحلے میں صوبہ پنجاب میں غریب ترین لوگوں کو خصوصی رمضان پیکج کے تحت مفت آٹا فراہم ہوگا۔ وزیراعظم نے غریب گھرانوں کو رمضان پیکج کے تحت آٹے کی فراہمی پر جامع حکمت عملی جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ماہ رمضان میں روزہ داروں کو زیادہ سے بقیہ نمبر1 صفحہ3 پر

کوئٹہ: گیس لیکج سے دھماکہ، خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق، 4 زخمی

جامع مسجد ابو قاسم کے پیش امام کی اہلیہ اور بچے جاں بحق جبکہ پیش مولوی عبدالعزیز سمیت 4 افراد زخمی ہو گئے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے سریکی کلاں میں گیس لیکج کے باعث دھماکے میں جامع مسجد ابو قاسم کے پیش امام کی اہلیہ اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق جبکہ پیش مولوی عبدالعزیز سمیت 4 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ ڈائریکٹر ریسکیو ظہیر بلوچ کے مطابق بقیہ نمبر4 صفحہ3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

سینیٹر منظور کاکڑ سینیٹ میں بی اے پی کے پارلیمانی لیڈر مقرر

کوئٹہ (این این آئی) سینیٹ میں بلوچستان عوامی پارٹی کے پارلیمانی لیڈر تبدیل، سینیٹر منظور کاکڑ کو بی اے پی کے پارلیمانی لیڈر مقرر کر دیے بقیہ نمبر15 صفحہ3 پر

گوادر یونیورسٹی اور پاکستان بائیولوجیکل سیفٹی ایسوسی ایشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

گوادر (این این آئی) یونیورسٹی آف گوادر اور پاکستان بائیولوجیکل سیفٹی ایسوسی ایشن کے درمیان علمی، سائنسی اور تحقیقی تعاون کو فروغ دینے بقیہ نمبر16 صفحہ3 پر

خضدار کے علاقے گنگو میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق ہو گئے

خضدار (این این آئی) بلوچستان کے ضلع خضدار کے علاقے گنگو میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق ہو گئے ہیں۔ لیویز بقیہ نمبر19 صفحہ3 پر

بی این پی (عوامی) انتخابات، اسرار اللہ زہری صدر جبکہ سید اکبر شاہ سیکرٹری جنرل منتخب

کوئٹہ/خضدار (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کا چوتھا قومی کونسل سیشن برائے 2023-2028 خضدار میں بقیہ نمبر18 صفحہ3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پاک بحریہ نے 4 ارب روپے کی منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ نے بحیرہ عرب میں منشیات اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنا دی۔ میڈیا رپورٹ کے بقیہ نمبر21 صفحہ3 پر

ترازو کے دونوں پلڑے برابر کرو، ہیروئن کے عادی شخص کو قوم پر تھوپنا بند کرو، مریم نواز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر و سینئر نائب صدر مریم نواز نے سابق وزیراعظم عمران خان کی بقیہ نمبر22 صفحہ3 پر

کورونا وائرس کے 30 نئے کیس رپورٹ، 08 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے، قومی ادارہ صحت

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 30 نئے کیس رپورٹ ہوئے ہیں جن میں سے بقیہ نمبر24 صفحہ3 پر

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے سپریم کورٹ کے بجٹ کے آڈٹ کا حکم دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) نے سپریم کورٹ کے بجٹ کے آڈٹ کا حکم دے دیا۔ منگل بقیہ نمبر23 صفحہ3 پر

عمران خان کے گرفتاری کے وارنٹ 13 مارچ تک معطل

اسلام آباد ہائی کورٹ کا عمران خان کو سیشن عدالت میں 13 مارچ کو پیش ہونے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی سماعتوں سے مسلسل غیر حاضری پر توشہ خانہ ریفرنس میں مقامی عدالت کی جانب سے جاری کیے گئے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری کو منسوخ کرنے کی درخواست پر انہیں پیشی کی بقیہ نمبر14 صفحہ3 پر

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران اور بارکھان واقعہ میں بازیاب خاتون گراں ناز کوئٹہ میں جوڈیشل مجسٹریٹ 12 کی عدالت میں پیش

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران اور بارکھان واقعہ میں بازیاب خاتون گراں ناز کو کوئٹہ میں جوڈیشل مجسٹریٹ 12 کی عدالت میں پیش کر دیا گیا، دونوں نے واقعہ کے حوالے سے اپنے بیانات قلمبند کرا دیئے۔ منگل کو صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران اور گراں بقیہ نمبر20 صفحہ3 پر

پاگل خان ہمیں ایسی دلدل میں پھنسا گیا، بڑی مشکل سے پار لگیں گے، آصف زرداری

امریکا، جاپان اور برطانیہ بھی دیوالیہ ہو گئے تھے، اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا، سابق صدر

وہاڑی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاگل خان ہمیں ایسی دلدل میں پھنسا گیا، بڑی مشکل سے پار لگیں گے، دیوالیہ ہو گیا دیوالیہ ہو گیا یہ باتیں ہو رہی ہیں، امریکا، جاپان اور برطانیہ بھی دیوالیہ ہو گئے تھے اس سے کچھ فرق نہیں بقیہ نمبر13 صفحہ3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے جے یو آئی کے جنرل سیکرٹری سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری ملاقات کر رہے ہیں

حکومت بلوچستان نے پولیس اور لیویز شہداء کمپنسیشن پالیسی میں ترمیم کر کے معاوضوں میں اضافے کی منظوری دے دی

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے پولیس اور لیویز شہداء کمپنسیشن پالیسی میں ترمیم کر کے معاوضوں میں اضافے کی منظوری دے دی صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد محکمہ خزانہ نے نوٹیفیکیشن کا اجراء کر دیا نوٹیفیکیشن کے مطابق شہید سپاہی، ہیڈ کانسٹیبل، اے ایس آئی، ایس آئی اور انسپکٹر (گریڈ 1 تا 16) بقیہ نمبر12 صفحہ3 پر

کوئٹہ وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ساجد حسین طوری سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما [illegible] کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

طلبا اپنی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کر کے ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں، صدر مملکت

قوموں نے سائنس اور تعلیم پر توجہ دے کر ترقی کی ہے بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے

بلوچستان کو دیگر صوبوں کے برابر لانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں: ڈاکٹر عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے طلباء پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی ذہنی صلاحیتوں کو نکھاریں اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں، ملک کو درپیش سماجی و اقتصادی چیلنجوں سے نمٹنے میں مدد کے لیے دانشورانہ وسائل، آئی ٹی کا علم اور ہنر کو بہتر بنانا ضروری ہے۔ وہ منگل کو کیڈٹ کالج جعفرآباد بلوچستان کے طلباء اور عملے سے گفتگو کر رہے تھے جنہوں نے ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی۔ تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ قوموں نے سائنس اور تعلیم پر توجہ دے بقیہ نمبر11 صفحہ3 پر

پنجاب، کے پی انتخابات: الیکشن کمیشن کا جلد وفاق سے رابطے کا فیصلہ

خیبرپختونخوا اسمبلی کے انتخابات کی تاریخ مقرر کرنے کے لیے گورنر اور الیکشن کمیشن کے درمیان مشاورت نہ ہو سکی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پنجاب اور خیبرپختونخوا میں انتخابات کے سلسلے میں فنڈز اور سیکورٹی کی فراہمی کیلئے وفاق سے جلد رابطے کا فیصلہ کر لیا۔ اس سے قبل وزارت خزانہ نے الیکشن کمیشن کو اضافی گرانٹس دینے سے معذرت کر لی تھی جبکہ وزارت داخلہ نے فوج اور پیرا ملٹری بقیہ نمبر10 صفحہ3 پر

تعلیم اور صحت کے شعبوں میں میرٹ کی پالیسی اپنائیں گے، سخت فیصلے کرنے ہوں گے، گورنر بلوچستان

اراکین اسمبلی مختلف شعبوں میں موجود مسائل کی نشاندہی کریں اور میرٹ کی بنیاد پر معاملات کو آگے بڑھانے میں ہم سے تعاون کریں اور ہر حال میں قومی مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دیں،

اللہ تعالیٰ نے ہمیں عوام کی بے لوث خدمت کا نادر موقع دیا ہے ہمیں چاہیے کہ اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بلوچستان کی عوام کی بے لوث خدمت کی ایک قابل تقلید مثال قائم کریں

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں میرٹ کی پاسداری کو یقینی بنانے کیلئے ہمیں سخت فیصلے کرنے ہوں گے اور دو ٹوک الفاظ میں کہا کہ اس سلسلے میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا انہوں نے منتخب اراکین اسمبلی سے کہا کہ وہ مختلف شعبوں میں موجود مسائل کی نشاندہی کریں اور میرٹ کی بنیاد پر معاملات کو آگے بڑھانے میں ہم سے تعاون کریں اور ہر حال میں قومی مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بی این پی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی کی قیادت میں مبارکباد کیلئے آنے والے صوبائی اسمبلی کے بقیہ نمبر3 صفحہ3 پر

کوئی بھی ملک کم شرح خواندگی پر ترقی نہیں کر سکتا، احسن اقبال

تعلیم ترقی کیلئے ضروری ہے، پاکستان کو دوبارہ ترقی کے راستے پر ڈالیں گے، پاکستان کے پاس ہارڈ ویئر ہے،

کوئی بھی ملک کم شرح خواندگی پر ترقی نہیں کر سکتا، ملکی ترقی کیلئے سیاسی استحکام اور پالیسیوں کا تسلسل ضروری ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ تعلیم ترقی کیلئے ضروری ہے، خواتین کو با اختیار بنائے بغیر ترقی نہیں کر سکتے، کوئی بھی ملک کم شرح خواندگی پر ترقی نہیں کر سکتا، ملکی ترقی کیلئے سیاسی استحکام اور پالیسیوں کا تسلسل ضروری ہے۔ منگل کو ہائیر ایجوکیشن کمیشن میں خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ترقی کیلئے ضروری ہے، کوئی بھی ملک کم شرح خواندگی پر ترقی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ملکی ترقی کیلئے سیاسی استحکام اور پالیسیوں کا تسلسل ضروری ہے، میرے لئے تعلیمی سسٹم ضلعی سطح پر رائج کرنا ایک چیلنج ہے، صوبوں کو دیا جانے والا تعلیمی بجٹ کافی ہے مگر اس طرح نتائج نہیں مل رہے اس طرح ہمیں ارتھنگ کے پرانے ماڈل سے نکلنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سپورٹس کمپلیکس بنانے بقیہ نمبر9 صفحہ3 پر

عدالتوں سے منہ چھپائے پھرنا سیاسی رہنماؤں کا شیوہ نہیں، وزیر دفاع

جنرل (ر) پرویز مشرف سے لے کر جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ تک عمران خان نے کبھی بھی اسٹیبلشمنٹ کی پشت پناہی کے بغیر سیاست نہیں کی،

عمران خان نے ڈرامہ لگا رکھا ہے، عدالت حکم دیتی ہے تو عمران خان کی گرفتاری ہونی چاہیے، موجودہ آرمی چیف سے ملاقات کیلئے ترلے کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عمران خان نے گزشتہ چند روز سے ڈرامہ لگا رکھا ہے، عدالت حکم دیتی ہے تو ان کی گرفتاری ہونی چاہیے، عدالتوں سے منہ چھپاتے پھرنا سیاسی رہنماؤں کا شیوہ نہیں ہے، جنرل (ر) پرویز مشرف سے لے کر جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ تک عمران خان نے کبھی بھی اسٹیبلشمنٹ کی پشت پناہی کے بغیر سیاست نہیں کی، موجودہ آرمی چیف سے ملاقات کیلئے ترلے کر رہے ہیں، پہلے جنرل (ر) باجوہ کی تعریف کرتے تھے، اب کورٹ مارشل کا مطالبہ کر رہے ہیں، عمران خان کی سیاست کو جب تک اسٹیبلشمنٹ کا وینٹی لیٹر لگا ہوا ہے ان کی سیاست کی کوئی حیثیت نہیں، ماضی میں ہم نے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑی اور اس پر قابو پایا، اس بار بھی ساری قوم کے ساتھ متحد ہو کر ہم دہشت گردوں پر قابو پالیں گے۔ منگل بقیہ نمبر5 صفحہ3 پر

گوجرانوالہ، وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری،

پولیس کو حکم دیا کہ انہیں گرفتار کر کے 28 مارچ کو عدالت پیش کیا جائے

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ کی انسداد دہشت گردی عدالت نے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کی آج حاضری سے استثنیٰ کی درخواست خارج کرتے ہوئے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے۔ رانا ثنا اللہ کے خلاف کیس کی سماعت انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں ہوئی جس میں پولیس نے عدالت کو وارنٹ کی عدم تعمیل سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ عدالتی احکامات کی تعمیل کروانے کے لیے فیصل آباد گئے تاہم رانا ثنا اللہ نہیں مل سکے۔ رانا ثنا اللہ کے وکلاء کی طرف سے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دی گئی جسے عدالت نے مسترد کرتے ہوئے گوجرانوالہ تھانہ انڈسٹریل ایریا گجرات میں درج مقدمے بقیہ نمبر27 صفحہ3 پر

تحریک انصاف کا حکومت کے خلاف جارحانہ انداز برقرار رکھنے کا فیصلہ

عمران خان پنجاب اور خیبرپختونخوا کے انتخابی جلسوں کی خود قیادت کریں گے، سندھ کا بھی دورہ کریں گے

عمران خان کی زیر قیادت آج زمان پارک سے داتا دربار تک ریلی نکالی جائیگی، مسرت چیمہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے حکومت کو ٹف ٹائم دینے کے لیے جارحانہ انداز برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے اور آج بدھ کے روز لاہور میں ریلی بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان نے ایک مرتبہ پھر سڑکوں کو گرمانے کا فیصلہ کیا ہے، اس سلسلے میں عمران خان آج (بدھ) کے روز زمان پارک سے داتا دربار تک نکالے جانے والی ریلی کی قیادت کریں گے۔ پی ٹی آئی کے ذرائع کا کہنا ہے کہ عمران خان پنجاب اور خیبرپختونخواہ کے انتخابی جلسوں کی خود قیادت بقیہ نمبر25 صفحہ3 پر

ملک کی ترقی میں خواتین نہایت اہمیت کی حامل ہیں، سینیٹر ثنا جمالی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی رہنما سینیٹر ثنا جمالی نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی میں خواتین نہایت اہمیت کی حامل ہیں، مضبوط معیشت کے لئے خواتین کی شراکت داری اہم ہے اور ہم نے بحیثیت قوم خواتین کے خلاف اور خصوصاً گھریلو خواتین کے ساتھ ہونے والے تشدد کے خلاف اپنی آواز بلند کرنی ہے۔ یہ بات انہوں نے بقیہ نمبر26 صفحہ3 پر

گوادر روس سے آنے والی 50 ہزار میٹرک ٹن گندم گوادر بندرگاہ پر اتاری جا رہی ہے

لاہور، اٹلی واقعہ میں جاں بحق 7 پاکستانیوں کی لاشیں وطن پہنچا دی گئیں

لاہور (این این آئی) اٹلی کشتی حادثے میں جاں بحق 7 پاکستانیوں کی لاشیں پاکستان پہنچا دی گئیں، اٹلی کشتی حادثے میں جاں بحق ہونے والے پاکستانی شہریوں کی لاشیں تیونس سے براستہ جدہ لاہور لائی گئی ہیں جن میں ایک خاتون کی لاش بھی شامل ہے۔ جاں بحق افراد کی میتیں جدہ سے سعودی ایئر لائنز کے ذریعے لائی گئیں جنہیں بقیہ نمبر28 صفحہ3 پر

وزیراعظم کی پاکستان سمیت دنیا بھر کی خواتین کو ان کے عالمی دن پر مبارکباد

خواتین کا پاکستان کی ترقی اور ارتقاء میں مرکزی کردار کسی قیمت جھٹلایا نہیں جا سکتا، شہباز شریف

عورت اپنے ہر روپ میں معاشرے کے ایک کارآمد فرد کے طور پر اپنا کردار ادا کرتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان سمیت دنیا بھر کی خواتین کو ان کے عالمی دن پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ خواتین کا عالمی دن بین الاقوامی سطح پر خواتین کے معاشرے میں کلیدی کردار کو پہچانے اور انسانی تہذیب کے ارتقاء میں ان کی خدمات کے اعتراف کا دن ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ انسانی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعمیری کردار کے بغیر ممکن نہ تھی، ہماری حکومت نے، جب بھی موقع ملا خواتین کو یکساں ترقی کے مواقع، تعلیمی سہولیات اور روزگار کی فراہمی کیلئے ہر بقیہ نمبر29 صفحہ3 پر

قومی ایئر لائن کے 75 پائلٹوں کا استعفے کیلئے انتظامیہ سے رجوع، 30 کے استعفے منظور

پائلٹوں نے استعفے کم تنخواہوں اور پی آئی اے انتظامیہ کے غیر پیشہ ورانہ رویوں کی بنا پر دیا ہے' ذرائع پالپا

23 پائلٹوں نے قطر ایئر لائنز، تین نے امارات، تین نے ملکی نجی ایئر لائن کو جوائن کیا، 7 کا امریکی ایئر لائنز سے رابطہ

لاہور (این این آئی) سال بھر میں قومی ایئر لائن کے 75 پائلٹوں نے ملازمت سے استعفے کیلئے انتظامیہ سے رجوع کیا ہے، 30 سے زیادہ پائلٹوں کے استعفے منظور ہو چکے ہیں۔ پائلٹوں کی تنظیم پالپا کے ذرائع کے مطابق پائلٹوں نے استعفے کم تنخواہوں اور پی آئی اے انتظامیہ کے غیر پیشہ ورانہ رویوں کی بنا پر دیا ہے۔ پائلٹوں کے استعفے کی وجہ سے پی آئی اے کا فلائٹ شیڈول متاثر ہونا شروع ہو گیا ہے۔ نجی ٹی وی نے پی آئی اے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ مستعفی ہونے کی درخواست دینے والے پائلٹوں میں بوئنگ 777 اور ایئربس 320 طیارے کے کیپٹن اور فرسٹ آفیسر شامل ہیں۔ مستعفی ہونے والے پی آئی اے کے 23 پائلٹوں نے قطر ایئر لائنز، تین نے امارات ایئر لائنز اور تین نے نجی ایئر لائن سیال ایئر کو جوائن کیا ہے جبکہ امریکی شہریت رکھنے والے 7 پائلٹس نے بقیہ نمبر6 صفحہ3 پر

مسجد نبوی میں پاکستانی کو دل کا دورہ، دھڑکن 10 منٹ تک رکے رہنے کے بعد بحال

طبی عملے کی جانب سے بزرگ کو فوری طور پر سی پی آر دیا گیا ساتھ ہی الیکٹرک شاکس بھی دیئے گئے

مدینہ منورہ (این این آئی) عمرہ ادائیگی کیلئے سعودی عرب پہنچے پاکستانی شہری کو مسجد نبوی میں دل کا دورہ پڑا جنہیں فوری طبی امداد دے کر بچا لیا گیا۔ سعودی میڈیا کے مطابق مسجد نبوی کے صحن میں 70 سالہ پاکستانی بزرگ کی طبیعت بگڑی جنہیں فوری طبی امداد دی گئی۔ مسجد نبوی کی طبی ٹیم نے پاکستانی شہری کو فوری طور پر ایمبولینس سروس فراہم کی، اس دوران معلوم ہوا کہ بزرگ شخص کو دل کا دورہ پڑا اور انہیں سانس لینے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اس دوران بزرگ شخص کے بقیہ نمبر34 صفحہ3 پر

ملکی امن و سلامتی کیلئے جان قربان کرنے والے قوم کے ہیرو ہیں، فرح عظیم شاہ

شہداء کے لواحقین کے لئے ان کی کمی پوری کرنا ناممکن ہے' صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ لواحقین کا دکھ درد بانٹا جائے

صوبائی کابینہ کے اس اقدام سے شہداء کے لواحقین کی بنیادی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملے گی' ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان محترمہ فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ ملکی امن و سلامتی کے لئے جان قربان کرنے والے قوم کے ہیرو ہیں شہداء کے لواحقین کے لئے ان کی کمی پوری کرنا ناممکن ہے۔ صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ لواحقین کا دکھ درد بانٹا جائے اور لواحقین کی ضروریات کو پورا کرتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائی جائیں۔ ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ صوبائی کابینہ نے کمپنسیشن پالیسی میں ترامیم کی منظوری دے کر معاوضوں میں اضافے کا فوری اطلاق کر دیا ہے۔ اس منظوری کے بعد پولیس اور لیویز کے گریڈ (1 تا 16) کے شہداء کی کمپنسیشن رقم 30 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ کر دی گئی ہے اور گریڈ 17 کے شہداء اے ایس پی اور ڈی ایس پی کی کمپنسیشن 50 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ 50 لاکھ روپے کر دی گئی ہے۔ اسی بقیہ نمبر8 صفحہ3 پر

دو روزہ امریکا پاکستان انسداد دہشت گردی ڈائیلاگ اختتام پذیر ہو گئے

ڈائیلاگ نے پاکستان اور خطے میں انسداد دہشت گردی کے منظرنامے پر بات کا موقع دیا

اسلام آباد (این این آئی) امریکا پاکستان انسداد دہشت گردی ڈائیلاگ اختتام پذیر ہو گئے، امریکی اور پاکستانی حکام نے 6 مارچ کو انسداد دہشت گردی ڈائیلاگ شروع کیے تھے۔ امریکی سفارتخانے سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق دو روزہ اجلاس کی صدارت امریکی محکمہ خارجہ کے قائم مقام کوآرڈینیٹر نے کی۔ پاکستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کے ایڈیشنل سیکرٹری برائے اقوام متحدہ نے کی۔ ڈائیلاگ نے پاکستان اور خطے میں انسداد دہشت گردی کے منظرنامے پر بات کا موقع دیا۔ ان شعبوں پر توجہ دی جہاں بقیہ نمبر17 صفحہ3 پر

الیکشن کمیشن نے عمران خان کو پارٹی سربراہی سے ہٹانے کی درخواست خارج کر دی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کو پارٹی سربراہی سے ہٹانے کی درخواست خارج کر دی۔ منگل کو چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کیس کی سماعت کی۔ درخواست گزار محمد آفاق ایڈووکیٹ الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے عمران خان نے الیکشن کمیشن میں بقیہ نمبر35 صفحہ3 پر

عدالتوں کو لیڈر اور گیدڑ میں فرق سمجھنا چاہیے، مریم اورنگزیب

ایسا رویہ اختیار کیا گیا تو کوئی ملزم عدالت میں پیش نہیں ہوگا، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ عدالتوں کو لیڈر اور گیدڑ میں فرق سمجھنا چاہیے، ملکی تاریخ میں ایسا ملزم نہیں دیکھا جسے عدالت بلائے اور پھر اس کا انکار کرے اور وہ پیش نہ ہو، عدالتوں کو تاریخوں پر تاریخ نہیں دینی چاہئے۔ ایسا رویہ اختیار کیا گیا تو کوئی ملزم عدالت میں پیش نہیں ہوگا۔ اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے عمران خان کی جانب سے عدالت میں پیش نہ ہونے پر کہا کہ وہ شخص ہے جس نے چار سال حکومت بھی ویڈیو لنک پر چلائی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ بقیہ نمبر33 صفحہ3 پر

الیکشن کمیشن نے عمران خان اور فواد چوہدری کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے سابق وزیراعظم اور تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان اور فواد چوہدری کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے۔ الیکشن کمیشن نے توہین الیکشن کمیشن اور چیف الیکشن کمشنر توہین کیس میں وارنٹ گرفتاری جاری کیے۔ الیکشن کمیشن کے بقیہ نمبر31 صفحہ3 پر

ہولی کا تہوار ہندوؤں کے لیے سچ اور حق کی فتح کا دن ہے' میر عبدالقدوس بزنجو

صدیوں سے آباد ہندو برادری ہماری روایات اور ثقافت کا حصہ بن چکی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ہندو برادری کو ہولی کے پرمسرت موقع پر مبارکباد دی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہولی کا تہوار ہندوؤں کے لیے سچ اور حق کی فتح کا دن اور اس میں رنگوں کا استعمال موسم بہار کی آمد کی علامت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں صدیوں سے آباد ہندو برادری ہماری روایات اور ثقافت کا حصہ بن چکی ہے بلوچستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی اور تحفظ اور یکساں حقوق حاصل ہیں اور ہندو برادری پاکستان اور بلوچستان کی بقیہ نمبر30 صفحہ3 پر

لاہور تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کا (ن) لیگ کے سابق [illegible] کی شمولیت کے موقع پر گروپ فوٹو

کسی صورت شہداء کی فیملی کو الگ نہ سمجھا جائے، عبدالخالق شیخ

ہر فورم پر پولیس اور خصوصاً شہداء کے لواحقین کے مسائل کے حل کے لئے اپنی آواز اٹھاتا رہوں گا

ہم دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑنے اور امن کے قیام کیلئے ہر وقت برسر پیکار ہیں کیونکہ ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ ہمارے شہداء ہیں

کوئٹہ (خ ن) فورس کے مسائل کے حل کیلئے ایک سربراہ کی حیثیت سے میں ہر فورم پر پولیس اور خصوصاً شہداء کے لواحقین کے مسائل کے حل کے لئے اپنی آواز اٹھاتا رہوں گا مجھے کسی صورت شہداء کی فیملی سے الگ نہ سمجھا جائے جنہوں نے وطن عزیز کی خاطر اپنی جانیں قربان کی۔ انہیں کی قربانیوں کے باعث ہمارا عزم مزید پختہ ہوتا جا رہا ہے ہم دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑنے اور امن کے قیام کیلئے ہر وقت برسر پیکار ہیں کیونکہ ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ ہمارے شہداء ہیں اور مجھے ان کے خاندان کے ہر سپوت پر فخر ہے۔ آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے شہداء کے لواحقین سے کیا ہوا پیمان پورا کر دکھایا۔ بقیہ نمبر7 صفحہ3 پر

حکومت بلوچستان نے کوئٹہ میں پانی کی کمی کے سنگین مسئلے کے حل کے لئے تین اہم ڈیموں کی فیزیبلٹی رپورٹ تیار کر لی

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے کوئٹہ میں پانی کی کمی کے سنگین مسئلے کے حل کے لئے تین اہم ڈیموں کی فیزیبلٹی رپورٹ تیار کر لی۔ منگل کو محکمہ پی ایچ ای نے بابر کچھ ڈیم، برج عزیز خان ڈیم اور ہلک ڈیم کی فیزیبلٹی رپورٹ اور پی سی ون بنا لیا۔ صوبائی حکومت نے ان ڈیموں کو وفاقی پی ایس بقیہ نمبر32 صفحہ3 پر

لاہور تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل اسد عمر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلیکیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

08 مارچ 2023ء

حکومت بلوچستان کی پولیس اور لیویز شہداء کمپنسیشن پالیسی میں ترمیم

حکومت بلوچستان نے پولیس اور لیویز شہداء کمپنسیشن پالیسی میں ترمیم کر کے معاوضوں میں اضافے کی منظوری دے دی صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد محکمہ خزانہ نے نوٹیفکیشن کا اجراء کر دی نوٹیفکیشن کے مطابق شہید سپاہی، ہیڈ کانسٹیبل، اے ایس آئی، ایس آئی اور انسپکٹر (گریڈ 1 تا 16) کی کمپنسیشن 30 لاکھ روپے سے بڑھا کر ایک کروڑ روپے کر دی گئی شہید اے ایس پی اور ڈی ایس پی (گریڈ 17) کی کمپنسیشن 50 لاکھ روپے سے بڑھا کر ایک کروڑ 50 لاکھ روپے کر دی گئی گریڈ 18 اور 19 کے پولیس اور لیویز شہید افسران کی کمپنسیشن 90 لاکھ روپے سے بڑھا کر 2 کروڑ روپے کر دی گئی گریڈ 20 تا 22 کے شہید پولیس افسران کی کمپنسیشن ایک کروڑ روپے سے بڑھا کر 2 کروڑ روپے کر دی گئی شہداء کے لواحقین کو رہائشی پلاٹ کی مد میں ملنے والی نقد رقم میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے نوٹیفکیشن کا اطلاق فوری طور پر ہوگا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گزشتہ روز بولان کے شہداء کے لواحقین کو ترمیم شدہ پالیسی کے مطابق کمپنسیشن کی ادائیگی کی ہدایت کی ہے جبکہ وزیر اعلیٰ نے بولان سانحہ کے شہداء کے لواحقین کو دس دس لاکھ روپے اضافی دینے کا اعلان بھی کیا ہے سانحہ بولان کے شہداء کے لواحقین کو کمپنسیشن کی مد میں ایک کروڑ دس لاکھ روپے دیے جائیں گے۔

زندگی کی تلخ حقیقتیں

کہنے والے کہتے ہیں تو ٹھیک ہی تو کہتے ہوں گے کہ پاکستان میں جمہوریت کرپشن کی علامت بن چکی ہے بڑے بڑے رہنماؤں نے سیاست کو صرف اپنی ترقی کیلئے مخصوص کر رکھا ہے یہی لوگ جرائم پیشہ افراد کی سرپرستی کر رہے ہیں کراچی، بلوچستان اور دیگر شہروں میں امن و امان کا مسئلہ بھی اسی لئے الجھا ہوا ہے کہ مجرم ذہنیت لوگوں نے سیاست اور جمہوریت کو یرغمال بنا رکھا ہے جس کی وجہ سے حالات مزید خراب ہوتے جا رہے ہیں یہ عناصر اتنے طاقتور ہیں کہ ان کی مرضی کے بغیر پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے ان کے علاقوں میں قدم بھی نہیں رکھ سکتے اسلام ایک ایسا مذہب ہے جس میں ہر قسم کی کرپشن کو حرام قرار دیا گیا ہے اس کیلئے حرام اور حلال کا ایک وسیع تصور اس کے مفہوم و معانی کا احاطہ کرتا ہے یہ الگ بات کہ اب پاکستانی معاشرے میں حرام اور حلال کی تمیز ختم ہو گئی ہے یہی مسائل کی اصل جڑ ہے دولت کی ہوس، ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی دوڑ، معاشرہ میں جھوٹی شان و شوکت اور راتوں رات امیر بننے کی خواہش نے اکثریت کو بے چینی میں مبتلا کر کے رکھ دیا ہے۔ پاکستان کے کرپٹ افراد بہت طاقتور ہیں اس میں حکمران، بیوروکریسی، سیاستدان، فیوڈل لارڈ، سرمایہ دار اور بڑی بڑی شخصیات شامل ہیں انہوں نے باقاعدہ مافیا کی شکل اختیار کر لی ہے لیکن نظریات کیلئے قربانیاں دینے والے دنیا میں ہمیشہ زندہ رہتے ہیں، نبی اکرم ﷺ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، سقراط، حضرت موسیٰ علیہ السلام، امام حسینؓ، امام ابو حنیفہ، سرمد جیسی شخصیات کا نام اور مقام آج بھی دنیا میں سربلند ہے جبکہ ان کے دشمن تاریخ کی بھول بھلیوں میں گم ہو گئے اور آج ان کا کوئی نام لیوا بھی نہیں ہے۔ موافق حالات، طاقت کا بے رحم استعمال اور ریاستی جبر بھی ان کے ارادے متزلزل نہیں کر سکا اور مشکلات بھی راستہ نہیں روک سکتیں۔ غور سے دیکھا جائے تو دنیا میں صرف دو ہی طبقے ہیں ایک با اختیار۔
دوسرا بے اختیار اور بے اختیار لوگوں کو اپنی دنیا آپ پیدا کرنا پڑتی ہے یہ اسے انسانیت کی معراج کہا جا سکتا ہے یہ بات ذہن نشین کرنا ضروری ہے کو اپنی دنیا آپ پیدا کرنے والے ہی منزلیں تلاش کرتے ہیں اور دنیا ان کی تقلید کرنے پر مجبور ہو جاتی ہے۔ شاید اسی لئے اقبالؒ نے کہا تھا میخانہ یورپ کے دستور نرالے ہیں دیتے ہیں سرور اول لاتے ہیں شراب آخر بالکل اسی طرح پاکستان ایک ایسا ملک بن گیا ہے جس میں تعلیمیافتہ نوجوانوں کو جاب کیلئے مقابلے کا امتحان پاس کرنا پڑتا ہے لیکن ہمارے سیاستدان اور حکمران کسی قابلیت کے بغیر بار بار اسمبلیوں میں آتے ہیں اور قابل ترین لوگوں پر حکومت کرتے ہیں اس سے زیادہ اور کیا ستم ظریفی ہوگی کہ نااہل لوگ قابل لوگوں پر حکومت کریں۔ ویسے اگر دیکھا جائے تو دنیا میں بہت سے کام بڑی بڑی حکومتیں نہیں کر پاتیں لیکن سماجی شخصیات ناممکن کو ممکن بنا سکتی ہیں بس تھوڑی سی توجہ، کوشش اور ہمت کی ضرورت ہوتی ہے ملک سے غربت اور بیروزگاری ختم کرنے کے لئے ایسے ہی انقلابی اقدامات کی اشد ضرورت ہے صرف آغاز میں ہی مشکلات ہوتی ہیں پھر دیئے سے دیا جلتا جاتا ہے ہم دل کی آنکھوں سے دیکھیں تو ہمیں ایسے افراد نظر آئیں گے جو تھوڑی سی توجہ سے معاشرے میں با عزت مقام پا سکتے ہیں آیئے! آج صدق دل سے ایک نئے مشن کا آغاز کریں ہر سال ایک فرد کو روزگار اور ایک غریب طالبعلم کی فیس کا اہتمام کرنے کا عزم کریں۔ یہ قوم کے درخشاں اور روشن مستقبل کی علامت ثابت ہوگا۔۔ پھر دیکھئے غربت کیسے ختم ہوتی ہے اور جہالت کے اندھیرے کب اور کہاں غائب ہو جائیں گے۔ اس نیکی کے طفیل ہو سکتا ہے یہی عمل آپ کے لئے نجات کا سبب بن جائے۔ ہمیشہ بلند و بانگ دعوے تو ہر حکمران کرتا ہے اگر حکمران واقعی ملک و قوم کیلئے کچھ کرنا چاہتے ہیں اگر وہ" دجلہ کے کنارے کتا بھی بھوکا مر جائے تو قیامت کے روز خدا کے حضور عمر جوابدہ ہوگا" کو اپنی حکومت کا ماٹو قرار دے کر اس کی روشنی میں حکمت عملی تیار کریں تو اس سے بہتوں کا بھلا ہوگا حکومت کے پاس درجنوں خفیہ ایجنسیاں ہیں کسی ایک ایجنسی کو پاکستان کی ہر فیملی بارے حقیقی سروے تیار کرنے کی ہدایت جاری کی جائے جو یونین کونسل سطح پر ان کے وسائل، ضروریات اور دیگر امور کی مکمل چھان بین کرے جو کسی کاروبار، روزگار یا کسی ملازمت کے اہل ہوں ان کو بلا امتیاز کسی رشوت یا سفارش اور گارنٹی کے بغیر وسائل مہیا کئے جائیں اس سے نہ صرف معاشرہ میں مثبت تبدیلی آئے گی بلکہ روزگار کے مواقع بھی بڑھیں گے۔ کیونکہ اکثر غریبوں کو قرضے لینے کیلئے کوئی گارنٹری میسر نہیں آتا جس کی وجہ سے وہ کسی بھی حکومتی سکیم سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے عام آدمی کی حالت زار بہتر بنانے کیلئے یہ پروگرام مرحلہ وار بھی شروع کیا جا سکتا ہے جن شہروں میں غربت کی شرح زیادہ ہے وہاں ترجیحی بنیادوں پر ایسی سکیمیں جاری کی جا سکتی ہیں سب سے اہم بات یہ ہوگی کہ صرف حقداروں کو ان کا حق ملے گا یہ بات بھی ریکارڈ پر ہے کہ غریبوں کو ملنے والے قرضوں کی واپسی کی شرح قریباً 90% تک ہے جبکہ موٹی رقموں کے بڑے بڑے قرضے یا تو معاف کروا لئے جاتے ہیں یا بیشتر کمپنیاں دیوالیہ ہو جاتی ہیں عام آدمی کو خود روزگار کے قرضے دینے سے حکومت کے وسائل جو اکثر ضائع ہو جاتے ہیں مفید ہاتھوں میں جانے سے ملک میں حقیقتاً انقلاب بپا ہو سکتا ہے اس سوال کا جواب یقیناً کسی کے پاس نہیں ہے کہ زرعی ملک ہونے کے باوجود اکثر دالوں اور سبزیوں کی آسمان سے باتیں کرتی قیمتیں عوام کے ہوش اڑا کر رکھ دیتی ہیں ہر سال ماہ صیام میں تو گویا قیمتوں کو پر لگ جاتے ہیں اور سفید پوش لوگوں کو مہنگائی کے مارے کوئی ڈھنگ کی چیز سحری اور افطاری میں میسر نہیں آتی عام آدمی تو اب بھی غریب ہے اور وہی مسائل، وہی محرومیاں ان کا مقدر ٹھہریں کوئی بھی حکومت آجائے زرداری، نوازشریف یا عمران خان حکمران ہو یا کوئی اور، جمہوریت ہو یا ڈکٹیٹرشپ۔ عوام کی طرز زندگی پر کوئی فرق نہیں پڑتا ان کی حالت اور حالات تبدیل نہیں ہوتے بحران در بحران عوام کو بالا کر رکھ دیتے ہیں ان بحرانوں کی آڑ میں ناجائز منافع خوروں کا اربوں روپے کما لینا معمول کی بات ہے، کبھی لوڈشیڈنگ، اور کبھی اور بجلی، سوئی گیس کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام پر بجلی بن کر گرتا ہے اور کبھی اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں خواب میں آ کر ڈراتی رہتی ہیں۔۔ کبھی انتہا پسندی اور دہشت گردی کے واقعات خوف و ہراس کا باعث بنتے ہیں شہریوں کی اکثریت زندگی کی بنیادی سہولتوں سے یکسر محروم ہے۔ ابلتے گٹر، ٹوٹی سڑکیں اور مسائل در مسائل نے جینا عذاب بنا دیا، آلودہ پانی کے استعمال سے بیماریوں میں خطرناک حد تک اضافہ ہو گیا، دہشت گردی، بیروزگاری اور مہنگائی سے لوگ عاجز آ گئے خلوص نیت شرط ہے یقین جانئے حکومت محض تھوڑی سی توجہ دے تو عوام کیلئے بہت کچھ کر سکتی ہے تھوڑی سی توجہ۔ ذرا سی محنت سے عوام کو ان کے گمشدہ حقوق دیئے جا سکتے ہیں حکمران عوام کی امیدوں پر پورے نہ اتریں تو یقیناً وہ حکومت مخالف لیڈروں کی طرف دیکھنے پر مجبور ہو جاتے ہیں عوام نے میاں نواز شریف سے بہت پیار کیا تھا تیسری مرتبہ انہیں وزیراعظم بنایا تھا یہ کوئی معمولی بات نہیں جب کرپشن کی طلسم ہوشربا منظر عام پر آئی تو عوام میں زبردست اضطراب تھا میاں نوازشریف عوام کو سچ سچ بتانے کی بجائے یہی کہتے پھرتے رہے کہ مجھے کیوں نکالا؟ آصف زرداری نے بھی عوام کو سچ نہیں بتایا ان کے اکلوتے صاحبزادے کرپشن کا دفاع کرتے پھرتے ہیں یہی حال میاں شہبازشریف اور ان کے ہونہار بیٹوں کا ہے ایک مفرور دوسرا اس روز وزیر اعلیٰ بن گیا جس روز اس پر نیب عدالت نے فرد جرم عائد کرنا تھی مزے کی بات ہے ان کے بہنوئی بھی مفرور ہیں کوئی بھی عوام کو سچ بتانے کو تیار نہیں اقتدار میں ہونے کے باوجود نیب عدالتوں میں اکثر کرپشن، منی لانڈرنگ، بے نامی اکاؤنٹس میں پیشیاں ہوتی ہیں۔ ایک اور سابقہ وزیراعظم عمران خان بھی عوام سے وعدہ کیا تھا میں ہمیشہ سچ بولوں گا لیکن انہوں نے درجنوں بار یوٹرن لے لیا اب ان کی اس ادا پر بھی سوشل میڈیا پر پیش کی جاتی ہیں۔ عوام کے حقوق کی باتیں تو بہت ہوتی ہیں سیاستدان تو اکثر عوام کو آئین، قانون اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے خواب دکھاتے رہتے ہیں کوئی نیا پاکستان بنانے کا دعویٰ کر رہا ہے کوئی انقلاب کی باتیں پاکستان میں تو ہمیشہ عوام کا استحصال کیا جاتا رہا ہے حالانکہ سیاستدان ہی عوام کو نئے نئے خوابوں سے روشناس کروا کر انہیں نئے خواب دکھاتے رہتے ہیں اور عوام اپنی آنکھوں میں یہ خواب سجا کر روشن مستقبل اور ترقی و خوشحالی کی دعائیں کرتے رہتے ہیں خدا کرے یہ جاگتی آنکھوں کے سپنے پورے ہو جائیں ان خوابوں کو بھی تعبیر ملے جو بے رنگ زندگی گزار رہے ہیں۔ خوفناک بات یہ ہے کہ عوام کو مہنگائی، بدامنی اور لوڈشیڈنگ کی دلدل سے نکالنے کیلئے حکمرانوں نے بھی کچھ نہیں کیا، جاگتی آنکھیں آج ایک اور خواب دیکھ رہی ہیں یہ خواب ہے پاک چائنہ اقتصادی راہداری منصوبے کا شنید ہے کہ اس کی تکمیل سے پاکستان میں نئے انقلابی دور کا آغاز ہوگا۔
جس سے ملک بھر میں ترقی و خوشحالی کی لہر دوڑ جائے گی سنا ہے یہ منصوبہ پاکستان کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے اس عظیم قومی منصوبہ کو متنازعہ بنانے کی سازش کرنے والے ملک و قوم کے دشمن ہیں حالانکہ پاک چائنہ اقتصادی راہداری کا فائدہ تمام صوبوں کو ہوگا پاکستان کی سیاسی قیادت کا اس منصوبہ پر اتفاق قومی امنگوں کا مظہر ہے حکومت نے چھوٹے صوبوں کے تحفظات جس انداز سے دور کرانے کی یقین دہانی کروائی ہے وہ خوش آئند ہے۔ منصوبے میں مغربی روٹ کو ترجیح دی جائے گی جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ موجودہ حکومت تمام صوبوں کو یکساں حقوق دینے کے لئے پر عزم ہے کورونا وائرس نے ملکی معیشت کا دھڑن تختہ کر کے رکھ دیا ہے کرنا ہے کیا؟ اس بارے روز نئی نئی کہانیاں سننے کو ملتی ہیں لیکن سچ کیا ہے عام آدمی نہیں جانتا حالات مشکل سے مشکل تر ہوتے جا رہے ہیں اس کے باوجود دعا ہے کہ خدا کرے ہماری جاگتی آنکھوں کے خوابوں کو روشن مستقبل کی تعبیر ملے۔

اسکولوں کی بربادی، الیکشن کمیشن، شماریات کی پالیسیاں

عنایت اللہ رگام

الیکشن کمیشن اور ادارہ شماریات کو اپنے کام کروانے سے پہلے سوچ بچار کرنا چاہیے، جو کام ہم کروانے جا رہے ہیں، ہمارے پاس اتنی نفری ہے، یا نہیں، ہے تو ٹھیک، موسم کو مدنظر رکھ کر اپنے شیڈول بنائیں، اگر نفری نہیں، دو آپشن، ملک بھر میں لاکھوں تعلیمی اداروں سے فارغ التحصیل بے روزگار نوجوانوں سے، یا کسی سرکاری ادارے کے ملازمین سے، جو چاروں صوبوں میں ان کے لاکھوں ملازمین ہیں، وہ ادارہ جن کے چاروں صوبوں میں لاکھوں ملازمین محکمہ تعلیم کے ٹیچنگ، نان ٹیچنگ اسٹاپ ہے، محکمہ تعلیم کے ملازمین سے کام لینے سے بلوچستان میں سرکاری اسکولوں میں تالا لگ جائے گا، تالا لگنے سے درس و تدریس کا سلسلہ رک جائے گا، سب سے زیادہ نقصان طالب علموں کا ہوگا، فائدے میں اساتذہ رہیں گے، تنخواہ بھی ان کو ملے گا، کام کا معاوضہ اس وقت بلوچستان کے سرکاری اسکولوں کے طالب علم انتہائی کمزور، کسی بھی تعلیمی میدان میں پرائیویٹ اسکولوں کے طالب علموں کا مقابلہ نہیں کر پا رہے ہیں، بلوچستان میں معیاری تعلیمی ادارے کیڈٹ کالج اور بلوچستان ریذیڈنشل کالج ہیں، کیڈٹ اور بی آر کالجوں کے انٹری ٹیسٹ میں پرائیویٹ اسکولوں کے طالب علم کامیاب، سرکاری اسکولوں کے طالب علم 100 فیصد ناکام ہوتے ہیں، کیڈٹ کالج مستونگ، خاران، پنجگور، جھاؤ، نوشکی، پشین، اور ماڑہ، کوہلو، جعفر آباد، بی آر سی کالج خضدار، تربت، اوتھل، لورالائی میں ایک بھی سرکاری اسکولوں کے ایک بھی طالب علم نہیں ملے گا، میٹرک، ایف ایس سی کے امتحان میں ٹاپ پوزیشن حاصل کرنے والے کیڈٹ کالج اور بی آر سی کالجوں، پرائیویٹ اسکولوں، کالجوں کے طالب علم رہے ہیں، میڈیکل کالج، انجینئرنگ کالج کے انٹری ٹیسٹ پاس کرنے والے کیڈٹ کالج، بی آر سی اور پرائیویٹ کالجوں طالب علم رہے ہیں، سرکاری ملازمت ٹیسٹ انٹرویو میں میرٹ پر آنے والے 80 فیصد کیڈٹ کالج، بی آر سی، پرائیویٹ کالجوں سے فارغ التحصیل آتے ہیں، پبلک سروس کمیشن میں یہی کالجوں کے فارغ التحصیل کامیابی حاصل کر رہے ہیں، سرکاری کالجوں سے فارغ التحصیل ہر میدان میں ناکام رہے ہیں۔
ان کی قسمت میں ناکامی ہی ناکامی ہے، ان کی ناکامی کے ذمہ دار الیکشن کمیشن آف پاکستان اور محکمہ شماریات ہیں، اساتذہ کے ان ہی دونوں اداروں کے کام کرنے کی وجہ سے سرکاری اسکول، کالج برباد ہیں، اسمبلیوں میں بیٹھے ہوئے اپنے آپ کو عوامی نمائندے کہتے ہیں، سیاسی جماعتوں کے مرکزی، صوبائی، ضلعی، تحصیلی عہدیدار، سیاسی کارکن تعلیمی اداروں کی بربادی سے بے خبر ہیں، یہ اس لیے بے خبر ہیں، ان کے بچے پرائیویٹ اسکولوں، کالجوں میں پڑھ رہے ہیں، الیکشن کمیشن، محکمہ شماریات، محکمہ تعلیم کے سربراہان کو پیسے نے اندھا بنا دیا ہے، پیسے کے پجاری ملک، قوم، اداروں کے مفادات کے برعکس پالیسیاں مرتب کرتے ہیں، ان بے مرادوں کی سوچ پیسے سے شروع پیسے تک ختم ہوتی ہے، ایسے سوچ رکھنے والے صاف شفاف الیکشن اور مردم شماری کروانے میں ناکام رہے ہیں، جتنے عام انتخابات ہوئے ہیں، ایک بھی انتخاب صاف شفاف نہیں رہا ہے، تمام سیاسی جماعتوں نے اعتراض اٹھائے ہیں، جتنے مردم شماری ہوئے ہیں، وہ بھی صاف شفاف نہیں ہوئے ہیں، آئین کے تحت ہر دس سال بعد مردم شماری ہونے چاہیے، اب پانچ سال کے اندر پھر مردم شماری ہو رہی ہے، 2017 کے مردم شماری میں کوئٹہ کے آبادی میں ڈھائی سو فیصد اضافہ ہوا تھا، ضلع آواران کی آبادی بڑھنے کی بجائے کم ہوئی ہے، ایسا کیوں ہے، ایک طرف ڈھائی سو فیصد آبادی میں اضافہ ہو، دوسری طرف آبادی میں کمی ہو، یہاں آبادی بڑھتی نہیں، بڑھائی جاتی ہے، غیر آبادی بڑھانے سے ہمیں کوئی سروکار نہیں، ہمارا مسئلہ تعلیمی اداروں کی بندش ہے، اس کا حل کیا ہے، ہم کیا کریں، الیکشن، مردم شماری ہو، تعلیمی ادارے بند نہ رہیں، آنے والے قسط میں حل اور تجاویز دیں گے۔

بچوں کا ادب اور ہماری ذمہ داریاں

شیخ فرید

بچوں کی ضروریات کو ذہن میں رکھ کر تخلیق کیا گیا ادب، ادب اطفال یا بچوں کا ادب کہلاتا ہے۔ تقریباً ہر ہر زبان میں اس کی تخلیق ہوئی ہے۔ اردو زبان میں ادب اطفال کی جانب قدرے کم توجہ دی گئی ہے۔ ہندوستان سے نور، امنگ، پیام تعلیم، بگل بوتے، غبارے شائع ہوتے ہیں۔
دنیائے ادب میں ادب اطفال کا آغاز اٹھارہویں صدی اواخر میں مغرب میں ہوا، اس کے بعد ادب اطفال کی یہ روایت مضبوط و مستحکم ہوتی چلی آئی۔ مغربی ادب اطفال کی دلچسپ بات یہ ہے کہ وہاں کے ادیبوں نے وقت بدلنے کے ساتھ ساتھ بچوں کی ذہنی قوت اور نفسیات کے عین مطابق ادب تخلیق کیا مثلاً وہاں جب ادب اطفال کا آغاز ہوا تو اس کا مقصد محض بچوں کو تفریح و تفنن فراہم کرنے تک ہی محدود تھا۔ لیکن انیسویں اور بیسویں صدی میں جب ذہنی عمر سے مطابقت و مشابہت رکھنے والے ادب اطفال کی کمی کا احساس ہوا تو ان ادیبوں نے تفریح کے ساتھ ساتھ جدید علوم و فنون اور معلوماتی موضوعات کو بھی بچوں کے ادب کا حصہ بنایا جس کی وضاحت تھامس بورمین کی کتاب سے ہوتی ہے جس میں علم سیکھنے کا ایک فطری عمل کارفرما ہے۔ مغربی ادب اطفال کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں بچوں کی ذہنی عمر یعنی (chronological age) کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ اردو میں ادب اطفال کی ابتدا ناصر خسرو کی خالق باری سے مانی جاتی ہے جو کہ پچھلے وقتوں کے نصاب میں شامل رہی ہے۔ میر تقی میر نے بھی بچوں کے لیے موہنی بلی، گھر کا حال اور بکری اور کتے، مثنویاں لکھیں۔ بچوں کے لیے پہلی بار باضابطہ طور پر نظیر اکبر آبادی نے لکھا۔ تل کے لڈو، ہرن کا بچہ، تربوز، گلہری کا بچہ، کنکوے اور پتنگ اور معصوم بھولے بھالے وغیرہ ان کی نظمیں بچوں میں بے حد مقبول ہیں۔ اسماعیل میرٹھی تو بچوں کے شاعر ہی کے طور پر مشہور ہوئے ہیں۔ انہوں نے بچوں کی نصابی کتب بھی تصنیف کیں۔ اس کے علاوہ غالب، حالی، شبلی، چکبست، اکبر الہ آبادی، علامہ اقبال، حفیظ جالندھری اور اختر شیرانی وغیرہ نے بھی بچوں کے لیے بہترین نظمیں لکھیں۔ جب کہ محمد حسین آزاد، نذیر احمد، ذکاءاللہ، پریم چند، خواجہ حسن نظامی، عظیم بیگ چغتائی، امتیاز علی تاج، عابد حسین، محمد مجیب، مرزا ادیب، صالحہ عابد حسین اور قرۃ العین حیدر وغیرہ نے بھی مضمون، ناول، ڈرامے اور کہانیاں لکھ کر ادب اطفال کے ذخیرے میں خاطر خواہ اضافہ کیا۔ بچوں کی نفسیات کو مدنظر رکھتے ہوئے رضیہ بٹ کے ناول سرتوں کا شہر بھی ادب اطفال میں ممتاز مقام رکھتا ہے۔ یہ ادب اطفال کے بہترین ناولوں میں سے ایک ہے۔

عدل کے ایوان اور عوام کی چوپال

عرفان صدیقی

عدالتی فیصلے جب عدل کے ایوانوں سے نکل کر کھیتوں، کھلیانوں اور چوپالوں کا موضوع بنتے ہیں تو غریب و سادہ و معصوم عوام، ریشمی عبائیں پہنے، کورٹ روم میں بیٹھنے اور کوئی مخصوص بینچ تشکیل دیئے بغیر، عدالتی فیصلے کا جائزہ لیتے اور اپنا دو ٹوک فیصلہ صادر کر دیتے ہیں۔ یہ فیصلہ کسی پی ایل ڈی کا حصہ تو نہیں بنتا البتہ لوح تاریخ پر رقم ہو جاتا ہے۔ جسٹس منیر کے "نظریہ ضرورت" کی کند چھری سے ذبح ہونے والی اسمبلی کا نوحہ آج تک جاری ہے۔ چار، تین کی اکثریت سے ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی چڑھا دیا گیا گویا عملاً صرف ایک جج نے تاریخ کے سینے میں فولادی میخ ٹھونک دی۔ مشرف دور کے بیشتر عدالتی فیصلے بے گور و کفن لاشوں کی طرح سرد خانوں کا رزق ہو گئے۔ یوسف رضا گیلانی توہین عدلیہ کے مرتکب ٹھہرے اور وزیراعظم ہاؤس سے نکال دیئے گئے۔ نظرثانی کی کسی رسمی اپیل کے بغیر ہی عوامی عدالت نے یہ سب فیصلے رد کر دیے۔ نام نہاد پانامہ لیکس، رسوائے زمانہ جے آئی ٹی، واٹس ایپ کالز، ہیروں کی تلاش، دو، تین اور پانچ رکنی بینچ، ریفرنس دائر کرنے کا فرمان، احتساب عدالت کی نگرانی، جج کے کمرے سے نکلتا منہ چھپاتا اہلکار، سرینا کا شاپر، جج ارشد ملک کی اعترافی ویڈیو، جسٹس شوکت صدیقی کو ترغیب اور دھونس، دو سال کی محنت کی دہائی اور اس ساری طلسم ہوش ربا کی زنبیل سے نکلا فیصلہ: "چونکہ تم نے اپنے بیٹے کی ایک تخلیل شدہ کمپنی سے خیالی تنخواہ نہیں لی اس لئے عمر بھر کے لئے نااہل ہو۔ وزیراعظم ہاؤس سے نکل جاؤ" عدل کے چہرے کا بدنما داغ بن جانے والا یہ فیصلہ آج بھی منہ چھپائے پھرتا ہے لیکن اس فیصلے نے جسدِ سیاست میں سرطان کے جرثومے چھوڑ گیا۔
معیشت جاں بلب ہے۔ آئی ایم ایف ہمیں بیلن میں گنے کی طرح پیل رہا ہے۔ من حیث القوم ہمیں جان کے لالے پڑے ہیں۔ کچھ سجھائی نہیں دے رہا کہ کل کا سورج ہمارے لئے کیا پیغام لے کر طلوع ہوگا۔ 28 جولائی 2017ء کو فیصلہ صادر ہونے سے پہلے تو یہ عالم نہ تھا۔ معاشی ترقی کی شرح نمو چھ فی صد سے اوپر تھی۔ زرمبادلہ کے ذخائر خطرے کی حد سے باہر تھے۔ مہنگائی کی شرح جو آج 35 فی صد کو چھو رہی ہے، چار فی صد کے لگ بھگ تھی، سٹاک ایکسچینج نئے ریکارڈ قائم کر رہا تھا، توانائی کے بحران پر قابو پایا جا چکا تھا، دہشت گردی کے عفریت کو نکیل ڈال چکی تھی۔ 70 سالہ قومی تاریخ کے 22 آئی ایم ایف پروگراموں میں سے واحد پروگرام کامیابی کے ساتھ پایۂ تکمیل کو پہنچ چکا تھا۔ عالمی ادارے پاکستان کے حوالے سے مثبت اشارے دے رہے تھے۔ محض بغض نواز اور حبِ خان میں سب کچھ تلپٹ کر دیا گیا۔
اس فتنہ ساماں منصوبے پر آخری مہر عدل کے ایوانوں نے لگائی۔ پاکستان کی موجودہ ناگفتہ بہ صورت حال کے بنیادی محرکات کا جائزہ لیتے ہوئے "بیٹے سے تنخواہ نہ لینے" والے شہرۂ آفاق فیصلے کو کیسے نظر انداز کیا جا سکتا ہے؟ وہ فیصلہ جو ازخود نوٹس لیتے ہوئے اُن درخواستوں پر سنایا گیا جنہیں "فضول، لایعنی اور ناکارہ" قرار دے کر باہر پھینکا جا چکا تھا، جس کے خلاف نوازشریف کے لئے ایک بھی اپیل کی گنجائش نہ چھوڑی گئی۔
فیصلے ہو جاتے ہیں۔ تنقید اور اعتراضات کے باوجود تسلیم بھی کر لئے جاتے ہیں۔ ان پر عمل درآمد بھی ہو جاتا ہے لیکن ان فیصلوں کے اثرات، شدید زلزلے کے بعد آنے والے ارتعاش مابعد (After Shocks) کی طرح دیر تک جاری رہتے ہیں۔ موجودہ سیاسی افراتفری اور انتشار کا سرچشمہ بھی ایک فیصلہ ہی ہے۔ مارچ 2022ء میں عمران خان کے حکم پر صدر عارف علوی نے عدالت عظمیٰ میں ایک ریفرنس دائر کیا جس کے تحت آئین کے آرٹیکل 63-اے کے بارے میں پوچھا گیا کہ کیا پارٹی ہدایات کے منافی ووٹ دینے والے ارکان کے ووٹ شمار کئے جائیں گے یا نہیں؟ اس نہایت اہم سوال کے لئے فل کورٹ کے بجائے چیف جسٹس عمر عطا بندیال، جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر، جسٹس مظہر عالم خان اور جسٹس جمال خان مندوخیل پر مشتمل پانچ رکنی بینچ تشکیل پایا۔ 17 مئی 2022ء کو دو کے مقابلے میں تین ججوں (جسٹس عمر عطا بندیال، جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منیب اختر) نے قرار دیا کہ ووٹ نہیں شمار ہوں گے۔ جسٹس مظہر عالم خان اور جسٹس جمال خان مندوخیل نے اختلافی نوٹ میں قرار دیا کہ "یہ آئین کی تعبیر نہیں، آئین کو از سر نو لکھنے اور اس لکھے کو پڑھنے کے مترادف ہے۔" بہر حال، دو کے مقابلے میں تین جج صاحبان کی رائے صائب ٹھہری۔ اسی رائے کی شاخ شاداب پر مسلسل رنگا رنگ شگوفے پھوٹ رہے ہیں۔ حمزہ شہباز کو پڑنے والے منحرفین کے 25 ووٹ منسوخ ٹھہرے۔ لاہور ہائی کورٹ کے ایک فیصلے کے بعد بات سپریم کورٹ آئی تو جسٹس عمر عطا بندیال، جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس جمال خان مندوخیل نے حکم جاری کیا کہ 22 جولائی کو "رن آف" الیکشن ہوں گے۔
ان انتخابات میں چوہدری شجاعت حسین کے ایک خط کو بنیاد بنا کر ڈپٹی سپیکر نے مسلم لیگ (ق) کے 10 ووٹ مسترد کر کے حمزہ کو کامیاب قرار دے دیا۔
پرویز الٰہی فوراً سپریم کورٹ پہنچے۔ بلا تاخیر جسٹس عمر عطاء بندیال، جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منیب اختر پر مشتمل بینچ بنا۔ "پی۔ ڈی۔ ایم" نے فل بینچ کا مطالبہ کیا جسے مسترد کر دیا گیا۔ سپریم کورٹ بار ایسوی ایشن نے استدعا کی کہ پہلے صدارتی ریفرنس کے فیصلے کے خلاف نظرثانی درخواست سن لی جائے۔ یہ استدعا بھی مسترد ٹھہری۔ 27 جولائی کی شب 9 بجے کے بعد حتمی فیصلہ آیا کہ گورنر رات ساڑھے گیارہ بجے سے پہلے پہلے پرویز الٰہی سے حلف لے۔ نہ لے پائے تو صدر علوی یہ فریضہ سرانجام دیں۔ صدر طلوع سحر سے پہلے اپنی ذمہ داری سے سبکدوش ہو گئے۔
گزشتہ ہفتے جسٹس عمر عطاء بندیال، جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منیب اختر کی حمایت سے 90 روز میں انتخابات کا ایک اور فیصلہ سامنے آیا ہے جس پر تنازعات کا ایک نیا پنڈورا باکس کھل گیا ہے۔ اب کے بھی فل کورٹ کی استدعا ناقابل قبول ٹھہری۔ میں اس فیصلے یا متعدد دوسرے فیصلوں کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ حد ادب مانع ہے۔ لیکن دنیا بڑی منہ پھٹ ہے۔ عالمی اشاریے میں 140 ممالک کی فہرست میں فراہمی عدل و انصاف کے حوالے سے پاکستان 129 ویں نمبر پر ہے۔ جنوبی ایشیاء میں نیپال، سری لنکا، بھارت، بنگلا دیش سب ہم سے اوپر ہیں۔ ہمارے بعد صرف ایک ملک ہے۔ افغانستان۔ غداری کا مقدمہ بھگتتے ہوئے، مولانا ابوالکلام آزاد نے مسند انصاف پر بیٹھے انگریز کرنل سے کہا تھا: "تاریخ عالم کی سب سے بڑی ناانصافیاں جنگ کے میدانوں کے بعد عدالت کے ایوانوں میں ہوئی ہیں۔" پاکستان کی موجودہ بے چہرگی میں یقیناً سیاستدانوں کا بھی کردار ہے لیکن ہمہ پہلو الجھنے کے بڑے محرکات کا رشتہ سپہ سالاران مہم جو اور منصفان مصلحت خو سے جڑا ہے۔ اپنے اپنے "نظریہ ضرورت" نے آج ہمیں اس لق و دق صحرا کے بیچوں بیچ لا کھڑا کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ڈاکٹر محمد علی نقوی، میرا استاد!

سید منیر حسین گیلانی

ڈاکٹر محمد علی نقوی کو اپنے گھر بھلہ سناپ سے شیخ زید ہسپتال جاتے ہوئے 7 مارچ 1995ء کو یتیم خانہ چوک میں شہید کر دیا گیا، وہ عظیم تنظیمی، سیاسی اور سماجی رہنما تھے، میرا ان سے بہت قریبی تعلق رہا ہے، ان سے بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ میں کوئی تنظیمی نہیں، بس چھوٹا سا کاروباری آدمی تھا۔ حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر کے ساتھ میرا مذہبی اور روحانی تعلق پیدا ہوا، جو وقت گزرنے کے ساتھ مزید گہرا ہوتا چلا گیا، ان دنوں اس عظیم اسلامی درسگاہ کی انتظامیہ میں شامل ثاقب نقوی سے رابطہ ہوا۔ ضیاالحق کا مارشل لائی دور تھا، میری کچھ تنظیمی فعالیت بڑھی تو مجھے تحریک جعفریہ پاکستان کی مرکزی کونسل کا ممبر بنا دیا گیا، یہیں ایک دبلے پتلے پھرتیلے ڈاکٹر محمد علی نقوی سے بھی رابطہ استوار ہوا۔ وقت گزرنے کے ساتھ مجھے سمجھ آیا اور یہ بات آج بھی بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ اپنی زندگی میں ایسا متدین فہم و فراست کا حامل، دانشمند، اور متحرک آدمی میں نے نہیں دیکھا، بہت جلد ان سے میری علیک سلیک قربت میں بدل گئی۔ ہم نے ڈاکٹر محمد علی نقوی کے تنظیمی دروس ٹاؤن شپ میں شروع کر دیے۔ درس کے لئے آتے تو ہمدرد چوک میرے گھر بھی ڈاکٹر صاحب کا آنا جانا شروع ہو گیا۔
میں آج بھی دل سے محسوس کرتا ہوں کہ تحریک جعفریہ کو تنظیمی اور سیاسی طور پر جو عروج ملا اس میں بنیادی قوت اور محور بلاشبہ قائد ملت جعفریہ شہید علامہ عارف حسین الحسینی ہی تھے، جن کے گرد تمام تنظیمی نظام چلتا تھا، لیکن ہماری بدقسمتی کہ وہ 5 اگست 1988ء کو شہید کر دیے گئے۔ اس کے بعد تنظیمی اداروں کے اتحاد سے قیادت شہید قائد کے دست راست علامہ سید ساجد علی نقوی کے پاس آئی مگر تنظیمی امور میں بلاشبہ ڈاکٹر محمد علی نقوی کی مشاورت اور جدوجہد کا کوئی ثانی نہیں تھا۔ وقت گزرتا گیا، ڈاکٹر صاحب کے ساتھ میری قربتیں مزید بڑھنے لگیں جبکہ ان کی تنظیم سازی کے حوالے سے کاوشیں بہت نمایاں ہونا شروع ہو گئی تھیں۔
میں سمجھتا ہوں کہ علامہ عارف الحسینی کی شہادت کے بعد یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ ان کی جگہ متبادل نہ آیا، لیکن شہید ڈاکٹر کی شہادت کے بعد میں ذاتی طور پر محسوس کرتا ہوں کہ ان کا متبادل ہمیں دستیاب نہ ہوا اور تنظیمی ڈھانچہ بکھرنے لگا۔ قائد ملت جعفریہ کی شہادت کے بعد ڈاکٹر صاحب کی شہادت نے مختلف تنظیمات پر منفی اثرات چھوڑے۔ راقم الحروف ان کی مشاورت اور رہنمائی سے سیاسی میدان میں شہید قائد کے دور سے متحرک تھا اور اپنی ذمہ داری کو نبھانے کی پوری کوشش کی۔ میڈیکل کے شعبے کا ماہر ڈاکٹر محمد علی نقوی خداداد صلاحیتوں کا مالک اور خاتم الانبیاء کا حقیقی عاشق تھا۔ جو پاکستان میں تمام مکاتب فکر کے لئے مسلمہ اسلامی نظام کے نفاذ اور کسی بھی مکتبہ فکر کو نظر انداز نہ کرنے کی بات کرتا تھا۔ ان کی زندگی کے چند اہم واقعات بھولنا میرے لئے ناممکن ہے۔
ہماری بہت سی ملاقاتیں مذہبی اور سیاسی جماعتوں سے اکٹھے ہوتی تھیں۔ میں پیپلز پارٹی کے ابتدائی دور سے ہی سیاسی کارکن ہوں۔ ان دنوں تحریک جعفریہ بھی اپنی سیاست شروع کر چکی تھی تو ہم نے اپنا کردار ادا کرنے کی کوشش کی اس حوالے سے تحریک جعفریہ پاکستان کا پہلا "سہ جماعتی" سیاسی اتحاد تحریک استقلال اور پاکستان عوامی تحریک کے ساتھ ہوا۔ جس کے اکثر اجلاس ڈاکٹر طاہر القادری کی میزبانی میں تحریک منہاج القرآن سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں منعقد ہوا کرتے تھے۔ ایک بار ڈاکٹر محمد علی نقوی اور میں ان کے پاس اجلاس کے لئے گئے تو انہوں نے "سہ جماعتی اتحاد" کی مختلف جہتوں پر روشنی ڈالی۔ ان کی گفتگو کے دوران ہی ڈاکٹر محمد علی نقوی نے کچھ کہنا چاہا تو ڈاکٹر طاہر القادری نے انہیں روک دیا، پھر انہوں نے اپنی باری پر گفتگو کی تو عوامی تحریک کے سربراہ بہت متاثر ہوئے اور چند ملاقاتوں کے بعد ڈاکٹر طاہر القادری نے "سہ جماعتی اتحاد" کی تنظیم سازی میں مصروف افراد سے کہا ڈاکٹر محمد علی نقوی کی تجاویز پر عمل کیا جائے۔ ان کی فکر اور بصیرت متاثر کن باتیں مدلل ہوتی ہیں، پھر تینوں جماعتوں کے اتحاد کی مشترکہ تنظیم سازی کا کام ہی ان کو سونپ دیا گیا۔
جب تحریک جعفریہ نے سیاسی اقدامات کرنا شروع کئے تو ہماری ملاقاتیں پیپلز پارٹی کے رہنما چوہدری اعتزاز احسن اور خواجہ طارق رحیم سے ہوئیں، ان کی خواہش تھی کہ تحریک جعفریہ سے انتخابی اتحاد نہیں، سیٹ ایڈجسٹمنٹ کر لی جائے۔ ڈاکٹر صاحب سے مشاورت سے یہی طے پایا کہ ہمیں کچھ بھی فائنل کرنے سے پہلے محترمہ بینظیر بھٹو سے ملاقات کرنی چاہیے۔ اپنے فیصلے سے ہم نے پیپلز پارٹی کے رہنما سردار فاروق احمد خان لغاری، خواجہ طارق رحیم اور احمد سعید اعوان کو مطلع کر دیا کہ حتمی بات چیت کے لئے وہ بے نظیر بھٹو سے ملنا چاہتے ہیں۔ اتفاق ہونے پر میں ڈاکٹر محمد علی نقوی کے ہمراہ کراچی پہنچا۔ تمام معاملات پر اتفاق رائے ہو گیا تو طے ہوا کہ ہم محترمہ بینظیر بھٹو سے ملے بغیر کسی چیز کو فائنل نہیں کریں گے۔ ملاقات شروع ہوئی، میں نے ڈاکٹر محمد علی نقوی کا تعارف محترمہ بے نظیر بھٹو سے کروایا تو پوچھنے لگیں! کیا یہ آپ کے بیٹے ہیں؟ میں نے کہا، نہیں! یہ میرے استاد ہیں۔ وہ حیرت زدہ ہو گئیں۔ بہر حال دونوں جماعتوں کے انتخابی اتحاد کے حوالے سے بات چیت شروع ہوئی، اس کی تفصیلات خود نوشت "سیاسی بیداری" میں تفصیل کے ساتھ درج ہیں۔
پھر بینظیر بھٹو نے فوری فیصلہ کر لیا کہ تحریک جعفریہ اور پیپلز پارٹی انتخابی اتحاد کا حصہ ہوں گی۔ ملاقات کے بعد جب ہم بلاول ہاؤس سے باہر نکلے تو ڈاکٹر محمد علی نقوی نے بینظیر بھٹو کی قوت فیصلہ کو سراہا۔ کہنے لگے بینظیر بھٹو نے ہمارے دلائل کی بنیاد پر سیٹ ایڈجسٹمنٹ کی بجائے، انتخابی اتحاد کا فیصلہ فی الفور کر لیا، اور بات کو ٹال مٹول اور مشاورت کی نذر نہیں کیا۔ پیپلز ڈیموکریٹک الائنس (پی ڈی اے) میں دونوں جماعتوں کے ساتھ تحریک استقلال اور مسلم لیگ (قاسم گروپ) بھی شامل تھیں اور فیصلہ ہوا کہ بے نظیر بھٹو، علامہ ساجد علی نقوی، ائیر مارشل اصغر خان، ملک قاسم بائی روٹیشن آئندہ اجلاسوں کی صدارت کریں گے۔
جدوجہد کے اس سفر میں ڈاکٹر محمد علی نقوی دو بار گرفتار بھی ہوئے۔ لیکن دونوں بار نوجوانوں کے احتجاج کے بعد انہیں رہا کروا لیا گیا۔ ڈاکٹر محمد علی نقوی کی زندگی کو خطرات تھے۔ جس پر تنظیمی دوستوں اور خاندان کے افراد کا اصرار تھا کہ وہ ملک چھوڑ جائیں۔ لشکر جھنگوی والے آپ کا پیچھا کر رہے ہیں، آپ کی جان کو خطرہ ہے مگر وہ خود کہتے تھے اور انہیں یقین تھا کہ ان کی موت شہادت سے ہی ہوگی۔ وہ بزدلی کی زندگی نہیں، یقین کی شہادت چاہتے ہیں انہوں نے کئی دوستوں اور مولانا صفدر حسین نجفی رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات میں بھی خواہش کا اظہار کیا کہ وہ ملک چھوڑ کر ایران عراق جنگ کے دوران ایران کی طرف سے شہید ہونا چاہتے ہیں۔ ایک بار ہم بس حادثے میں جاں بحق ہونے والے حافظ آباد کے تحریکی کارکن کی تعزیت کر کے لاہور واپس آ رہے تھے تو گوجرانوالہ میں ایک ہوٹل میں کھانا کی میز پر ہم نے یہی بات شروع کی کہ ڈاکٹر صاحب آپ کی جان کو خطرہ ہے۔ آپ بیرون ملک چلے جائیں۔ یہ سنتے ہی ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ وہ کہہ رہے تھے کہ میں شہادت کے لیے اگلے مورچوں پر جانا چاہتا ہوں۔
میں سمجھتا ہوں ڈاکٹر محمد علی نقوی کو اپنی شہادت کا کافی عرصے پہلے ہی پتہ چل چکا تھا اور کئی بار کہہ چکے تھے کہ میں شہید کر دیا جاؤں گا۔ اس حوالے سے انہوں نے اپنی وصیت بھی لکھ دی تھی۔ ہم آج بھی ڈاکٹر محمد علی نقوی کو ان کے افکار زندہ کی شکل میں اپنے ساتھ محسوس کرتے ہیں۔

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department ,Sibi Division invites sealed percentage tender based on Composite Schedule of Rates 2018, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm who have the renewal up to date , for the work listed below: Earnest Money 3% ,Tender Fee Rs.5000/-, Time limit June 2023

S.NO	Name of work	E/Cost
1.	Provision of Water Supply Scheme along with Solar System at Makori and Kot a Shahr District Kohlu TSE-222303263483	43.365 M

ELIGIBILITY OF BIDDERS: The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant Category, **C-6 & above** in relevant discipline i.e. **CE 09, EE 11** respectively. Registration with tax authorities i.e. (NTN, BRA and Sales Tax Department), where applicable. Three Years Relevant Work Experience. The contractor/firm must not either be black listed nor involved in any litigation. The bidder must have similar work experience or has completed or has similar work in hand for applying in the tender and produce certificates (original) of completion Turnover of at least equivalent to 70% average in last three years showing financial capacity of firm. The firm quoting their rates 10% below of contract cost must attached the analysis of rates /breakup of each work. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage - Two Envelope Procedure **BIDDING / TENDER DOCUMENTS :-** The Tender Form/ Bidding Documents will be issued from the date of first publication till submission date and time during working hours and working days, from the address mentioned below/ head office on production of green challan form for an amount as mentioned above respectively (as bidding documents charges ,Non –refundable) deposited in the head of account C-03870 through Government Treasury / National Bank of Pakistan against written request which should be on original letter head pad having name ,address, phone numbers and signature of the contractor. or can be downloaded from BPPRA website i.ewww.bppra.gov.pk. Tender application should accompany with Earnest Money in shape of deposit at call in favor of the undersigned issued from any scheduled bank against firm's Account. Name of firm should be clearly mentioned on instrument (Deposit at call in Fp). Application for issuance of tender documents accompanied with valid copies of PCC License, NTN and Sales Tax.DRA Certificates, CNIC, and Registration of firm/ Partnership Deed/Sole Proprietorship/Power of Attorney/Authority letter from the contractor in favor of their representative. No tender will be issued without showing the required documents in "ORIGINAL". **ISSUANCE OF TENDER DOCUMENTS:** The tender documents will be issued from the date of publication of this NIT till date of submission i.e 22th March, 2023 during office hours. **DEADLINE OF BID SUBMISSION:** The technical and financial proposals from intending contractors / firms sealed in two separate envelops clearly marked with work title and type of proposal must be submitted latest by 22th March, 2023 at 1300 Hrs at the office of the undersigned. **TENDER OPENING:** The Envelope containing technical bids will be opened on the same day i.e. 22th March, 2023 by 1400 Hrs in the office of the undersigned before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. Second envelope containing financial bids of technically qualified bidders will be opened later the date and time of which will communicated after evaluation of technical bids. **PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION WILL BE:- Address:** Office of the Executive Engineer Urban Planning & Development Department Sibi Division, Sibi. E-mail Address: eeupddsibi4201@gmail.com **BID VALIDITY PERIOD:** Ninety (90) Days. **TERMS AND CONDITIONS:** Blacklisting, Integrity Pact and All other AFFIDAVITS (To be provided by the bidder on Stamp Paper of worth Rs.100/- duly attested by notary public) and the others Terms and conditions are mentioned (incorporated in detail in bidding documents).

EXECUTIVE ENGINEER
URBAN P&DD SIBI DIVISION

PRQ No.2765/07-03-2023

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد سب ایڈیٹر نجم بلوچ فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010 فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

زیادہ ورلیف دیں، پنجاب ماڈل کی طرز پر ملک بھر میں رمضان پیکج کی غریب عوام کو فراہمی کے لئے وفاق صوبوں کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان اور سیکرٹری خزانہ مجاہد شیر دل نے رمضان پیکج کے حوالے سے وزیر اعظم کو بریفنگ دی۔ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن رضا نقوی کے علاوہ سیکرٹری فوڈ اور دیگر اعلیٰ حکام بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔

شال بقیہ 2

کو پی اے سی نے ایک ماہ میں اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی تنخواہوں، مراعات اور پلاٹوں کی تفصیلات بھی طلب کی ہیں۔ اس سے قبل پی اے سی نے اعلیٰ عدلیہ کی مراعات کے حوالے رپورٹ مانگی تھی جس پر آڈیٹر جنرل نے بتایا کہ انہیں ریکارڈ تک رسائی تک نہیں مل رہی۔ موجودہ اجلاس میں دوبارہ یہ معاملہ اٹھایا گیا اور چیئرمین پی اے سی نے ایک ماہ میں اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی تنخواہوں، مراعات اور پلاٹوں کی تفصیلات طلب کر لیں۔

شال بقیہ 3

اراکین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں عوام کی بے لوث خدمت کا نادر موقع دیا ہے ہمیں چاہیے کہ اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بلوچستان کی عوام کی بے لوث خدمت کی ایک قابل تقلید مثال قائم کریں۔ گورنر بلوچستان نے مبارکباد کیلئے آنے والوں کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ایم پی ایز پر مشتمل نے گورنر سے درخواست کی کہ صوبہ میں وفاقی اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے پر توجہ دیں، خاص طور سے ہائیر ایجوکیشن کی بہتری، پبلک یونیورسٹیز کی مالی مشکلات کو دور کرنے میں کردار ادا کریں اور مختلف اضلاع میں موجود یونیورسٹی کیمپس کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کیلئے بھرپور کوششیں جاری رکھیں انہوں نے اس بات کو سراہا کہ گورنر ہاؤس اینڈ سیکرٹریٹ میں اعلیٰ اور تجربہ کار آفیسرز کی ایک اچھی ٹیم موجود ہے اور ان کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کیا جانا چاہیے۔

شال بقیہ 4

علی انچ تقریباً 4:30 پر ڈبل روڈ سریکی قلعہ میں گیس لیکج کے دھماکے کی اطلاع ملی جس کے فوراً بعد پی ڈی ایم اے ریسکیو ٹیم جائے وقوعہ پر پہنچ گئی، دھماکہ کے باعث گھر زمین بوس ہو چکا تھا اور گھر کے افراد کے ملبہ تلے دب جانے کی اطلاعات تھی جس پر پی ڈی ایم اے ریسکیو ٹیم نے آپریشن شروع کیا اور ایک گھنٹے کے اندر اندر آپریشن مکمل کیا لاشوں اور زخمیوں کو ملبے کے نیچے سے نکال کر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کیا گیا، واقعہ میں 6 افراد جاں بحق جبکہ 4 زخمی ہو گئے ہیں، جاں بحق ہونے والوں میں مسجد ابو قاسم سریکی کلاں کے پیش امام مولوی عبدالعزیز کی اہلیہ بی بی طاہرہ، جنزیلہ، حصیبہ، حماد اللہ، عباد اللہ اور گل مینہ جبکہ زخمی ہونے والوں میں مولوی عبدالعزیز، امداد اللہ، صدیق اللہ اور محمد غزالی شامل ہیں۔

شال بقیہ 5

کو یہاں پریس کانفرنس کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ دوحہ معاہدے کے تحت افغانستان پابند ہے کہ اس کی سرزمین دہشت گردی کے خلاف استعمال نہ ہو، اس چیز پر ہم نے وہاں جا کر اصرار بھی کیا کہ وہ اس معاہدے کی پاسداری کریں اور اس پر قابو پانے کے لیے انہیں تجاویز بھی دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بھی ہم نے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑی اور اس پر قابو پایا، اس بار بھی ساری قوم کے ساتھ متحد ہو کر ہم دہشت گردوں پر قابو پالیں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ عمران خان نے گزشتہ چند روز سے ڈرامہ لگا رکھا ہے، اگر عدالت حکم دیتی ہے تو عمران خان کی گرفتاری ہونی چاہیے، پاکستان میں سیاستدان ہمیشہ عدالتی احکامات کی پاسداری کرتے آئے ہیں لیکن یہ شخص عدالتوں کی حکم عدولی کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اپنے حواریوں کو اکساتے ہیں کہ وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف مزاحمت کریں، اس صورتحال میں ہم تحمل اور برداشت سے کام لے رہے ہیں۔

شال بقیہ 6

امریکی ایئر لائنز سے رابطہ کیا ہے۔ قابل غور بات یہ ہے کہ پی آئی اے چھوڑ کر غیر ملکی ایئر لائنز کو جوائن کرنے والے کئی پائلٹس کے نام سابقہ حکومت میں جعلی پائلٹس لائسنس کی فہرست میں شامل تھے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ غیر ملکی ایئر لائنز میں ملازمت کیلئے ٹیسٹ دینے والے پی آئی اے کے سو فیصد پائلٹ کامیاب ہوئے ہیں۔ پی آئی اے چھوڑنے والے پائلٹوں میں پی آئی اے انتظامیہ میں شامل ڈائریکٹر سیفٹی کیپٹن حسنات اور چیف پائلٹ ٹیکنیکل کیپٹن جمیل جاوید بھی شامل ہیں۔ پالپا ذرائع کا کہنا ہے کہ پی آئی اے کے سابق سی ای او ائیر مارشل ارشد ملک کے دور سے پی آئی اے انتظامیہ کی پائلٹوں کو دباؤ میں رکھنے کی پالیسی، پائلٹوں پر جعلی لائسنس کے الزامات اور ایف آئی اے کے مقدمات نے پائلٹوں کو پی آئی اے چھوڑنے پر مجبور کر دیا ہے جبکہ حکومت کی جانب سے تنخواہوں پر بھاری ٹیکس بھی اس کی بڑی وجہ ہے۔ پاکستان ایئر لائنز پائلٹ ایسوسی ایشن پالپا کا کہنا ہے کہ ایئر فورس افسران پر مشتمل پی آئی اے کی موجودہ انتظامیہ نے پائلٹوں کی تنخواہ میں کئی سال سے اضافہ نہیں کیا ہے جبکہ مراعات میں بھی بہت کمی کر دی گئی ہے۔

شال بقیہ 7

اس حوالے سے گزشتہ دنوں صوبائی حکومت نے باقاعدہ نوٹیفکیشن کر دیا ہے آئی جی پولیس بلوچستان نے صوبائی حکومت خصوصاً وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا پوری فورس کی جانب سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نے شہداء کمپنسیشن پیکج میں اضافہ کر کے شہداء کے خاندانوں کی مشکلات میں یقیناً کمی واقع ہو گی۔ دنیاوی پیکج پیاروں کے بچھڑنے کے خلا کو کبھی پر نہیں کرتا تاہم مشکل گھڑی میں ان کو کچھ تو دلاسہ ضرور بخشتا ہے۔ آئی جی پولیس نے کہا کہ شہید کے رتبہ پر فائز ہونے والے سپوت امر ہو جاتے ہیں جبکہ ان کے خاندان کی مشکلات میں کمی لانا ہماری ذمہ داری ہے۔ محکمہ خزانہ کی طرف سے جاری ہونے والے اعلامیہ کے مطابق محکمہ پولیس اور لیویز کے آفسران/اہلکاروں کے کمپنسیشن پیکج کے ریٹس میں شہداء کے ورثا کو ملنے والی نقد رقم میں اضافہ کر دیا گیا ہے نئے اعلامیہ کے مطابق کانسٹیبل، ہیڈ کانسٹیبل، اسسٹنٹ سب انسپکٹر، سب انسپکٹر اور انسپکٹر (بی۔1 سے بی۔6) کی فیملی کو ملنے والی نقد رقم برائے کمپنسیشن کو 30 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 8

طرح گریڈ 18 اور 19 کے پولیس اور لیویز شہداء کی کمپنسیشن رقم 90 لاکھ سے بڑھا کر 2 کروڑ روپے کر دی گئی ہے گریڈ 20 اور 22 کے پولیس اور لیویز شہداء کی کمپنسیشن ایک کروڑ روپے سے بڑھا کر 2 کروڑ کر دی گئی ہے اس کے علاوہ شہداء کے لواحقین کو رہائشی پلاٹ کی مد میں ملنے والی نقد رقم میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ ترجمان صوبائی حکومت فرح عظیم شاہ نے کہا کہ سانحہ بولان کے شہداء کے لواحقین کو ترمیم شدہ پالیسی کے تحت کمپنسیشن فراہم کی جائے گی۔ صوبائی کابینہ کے اس اقدام سے شہداء کے لواحقین کی بنیادی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملے گی۔

شال بقیہ 9

کی وجہ سے میں اڈیالہ جیل میں رہا، ہم نے چیمپئن آف ریفارمز کے نام سے ایک پلیٹ فارم بنایا، یہ پلیٹ فارم اصلاحات کیلئے ایک مضبوط آواز ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزارت تعلیم کو نصابی ریفارم پر سمت کیلئے کہا ہے، اگر اساتذہ ٹرینڈ نہیں ہیں تو نصاب کا فائدہ نہیں، ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ کون سے اقدامات لینے کی ضرورت ہے، میں برطانوی حکومت کا پاکستان کے سکول سسٹم ریفارم کیلئے معاونت پر مشکور ہوں۔ احسن اقبال نے کہا کہ اعلیٰ تعلیم کے لئے ایچ ای سی اور یو ایس ایڈ کا کردار اہم ہے، اعلیٰ تعلیم کے بغیر ترقی ممکن نہیں، پاکستان کی دو تہائی آبادی نوجوان ہے، ٹیکنالوجی نے زندگی کی جہتیں بدل دیں، نوجوان نسل کو ہنر مند بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وژن 2025 اور 2030 کے تحت پاکستان میں یوتھ کو جدید ترین علم فراہم کر رہے ہیں، یو ایس ایڈ ہمیں فل برائٹ اسکالرشپ میں بھی مدد فراہم کر رہا ہے۔

شال بقیہ 10

گورنر کی عدم دستیابی سے آگاہ کیا تھا۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا اسمبلی کے انتخابات کی تاریخ مقرر کرنے کے لیے گورنر اور الیکشن کمیشن کے درمیان مشاورت نہ ہو سکی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے الیکشن کمیشن کو مشاورت کے لیے 7 اور 8 مارچ کی تاریخ دی تھی۔ گورنر ہاؤس کے ذرائع کے مطابق منگل کو مشاورت کا کوئی امکان نہیں کیونکہ الیکشن کمیشن اب تک گورنر کے خط کا کوئی جواب نہیں دیا ہے۔

شال بقیہ 11

کر ترقی کی ہے۔ انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ 22 ملین بچے سکولوں سے باہر ہیں جبکہ خطے کے ممالک نے پرائمری انرولمنٹ کی شرح تقریباً 100 فیصد حاصل کر لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان بچوں کو سکولوں میں لانے کے لیے ٹھوس اور فوری اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ملک کی معاشی صحت کو بہتر بنانے کے لیے نوجوانوں کو ہنر اور تعلیم سے آراستہ کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اپنے قدرتی اور انسانی وسائل دونوں کے لحاظ سے بڑی صلاحیت رکھتا ہے جسے ملک کی ترقی کے لیے مکمل طور پر بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور صوبے کو دیگر صوبوں کے برابر لانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے سیلاب اور قدرتی آفات کے اثرات کو کم کرنے کے لیے ڈیموں اور پانی کو ذخیرہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ صدر نے کالج انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ طلباء کو ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز جیسے انٹرنیٹ آف تھنگز، روبوٹکس، ورچوئل ریئلٹی اور مصنوعی ذہانت کی تربیت دیں، جن کا زندگی کے ہر شعبے میں وسیع اطلاق ہے۔ انہوں نے طلباء پر زور دیا کہ وہ اپنی پڑھائی پر توجہ دیں اور پاکستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ صدر مملکت کو بتایا گیا کہ کیڈٹ کالج جعفر آباد کا قیام 5 مارچ 2009 کو عمل میں آیا، کالج میں ساتویں سے بارہویں جماعت تک کلاسز ہوتی ہیں۔ کالج سے اب تک بارہویں جماعت کی آٹھ انٹریز (تقریباً 570) پاس آؤٹ ہو چکے ہیں۔

شال بقیہ 12

کی کمپنسیشن 30 لاکھ روپے سے بڑھا کر ایک کروڑ روپے کر دی گئی شہید اے ایس پی اور ڈی ایس پی (گریڈ 17) کی کمپنسیشن 50 لاکھ روپے سے بڑھا کر ایک کروڑ 50 لاکھ روپے کر دی گئی گریڈ 18 اور 19 کے پولیس اور لیویز شہید افسران کی کمپنسیشن 90 لاکھ روپے سے بڑھا کر 2 کروڑ روپے کر دی گئی گریڈ 20 تا 22 کے شہید پولیس افسران کی کمپنسیشن ایک کروڑ روپے سے بڑھا کر 2 کروڑ روپے کر دی گئی شہداء کے لواحقین کو رہائشی پلاٹ کی مد میں ملنے والی نقد رقم میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے نوٹیفکیشن کا اطلاق فوری طور پر ہوگا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گزشتہ روز بولان کے شہداء کے لواحقین کو ترمیم شدہ پالیسی کے مطابق کمپنسیشن کی ادائیگی کی ہدایت کی ہے جبکہ وزیر اعلیٰ نے بولان سانحہ کے شہداء کے لواحقین کو دس دس لاکھ روپے اضافی دینے کا اعلان بھی کیا ہے سانحہ بولان کے شہداء کے لواحقین کو کمپنسیشن کی مد میں ایک کروڑ دس لاکھ روپے دیئے جائیں گے۔

شال بقیہ 13

پڑتا۔ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آصف علی زرداری نے کہا کہ ایک بے وقوف کو وزیر اعظم بنا دیا گیا جس نے ملک کی معیشت کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے، اسے کوئی سمجھ ہی نہیں تھی، پاگل خان نے ملک کا خانہ خراب کر دیا، عمران خان واپس وہاں جانا چاہتا ہے جہاں سے اسے نکالا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاگل خان ہمیں ایسی دلدل میں پھنسا گیا کہ بڑی مشکل سے پار لگیں گے، لیکن لگیں گے ضرور، آج بھی وہ سیاست میں ون ڈے کرکٹ کھیل رہا ہے تاہم میں نے عزم کر رکھا ہے ملک کو مسائل سے نکالوں گا اور ہر قیمت پر نکالوں گا۔ آصف زرداری نے کہا کہ دیوالیہ ہو گیا دیوالیہ ہو گیا یہ باتیں ہو رہی ہیں، امریکا، جاپان اور برطانیہ بھی دیوالیہ ہو گئے تھے، اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا، اونچ نیچ آتی رہتی ہے، یہ عارضی مشکل ہے، وہ وقت آئے گا جب ملکی بہتری کے فیصلے صرف ہم کریں گے، پاکستان میں ہر قسم کی سہولت موجود ہے، ہم نے صرف ان سے فائدہ لینا ہے۔

شال بقیہ 14

مہلت دیتے ہوئے 13 مارچ کو سیشن عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیدیا۔ منگل کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کی درخواست پر محفوظ سنایا اور عمران خان کو سیشن عدالت میں 13 مارچ کو پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ توشہ خانہ کیس میں عمران خان نے وارنٹ گرفتاری منسوخ کرنے کے لیے اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا جہاں ان کے وکلا کی جانب سے پیشی کیلئے 4 ہفتوں کا وقت دینے کی استدعا کی گئی تھی۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس عامر فاروق نے عمران خان کے گرفتاری کے وارنٹ 13 مارچ تک معطل کر دیئے۔ لاہور ہائی کورٹ میں جب سماعت کا آغاز ہوا تو عدالت نے استفسار کیا کہ گرفتاری کے وارنٹ تو نہیں تھے؟ وکیل نے بتایا کہ وارنٹ گرفتاری کے ہی تھے۔ جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ عدالت آپ کو فرد جرم عائد کرنے کے لیے بلا رہی تھی آپ فرد جرم کی کارروائی کے لیے پیش ہو جائیں اور بعد میں استثنیٰ لیتے رہیں۔

شال بقیہ 15

گئے۔ منگل کو وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کے نام خط میں لکھا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر منظور کاکڑ کو بطور پارلیمانی لیڈر نامزد کیا ہے۔ جس پر سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے سینیٹر منظور کاکڑ کی بطور پارلیمانی لیڈر تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔

شال بقیہ 16

کے لیے مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت پر یونیورسٹی آف گوادر رجسٹرار پروفیسر دولت خان اور پاکستان بائیولوجیکل سیفٹی ایسوسی ایشن کے صدر پروفیسر ڈاکٹر سعید خان نے دستخط کیے۔ مفاہمتی دستاویز کے مطابق، دونوں اداروں نے مشترکہ طور پر بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی ٹریننگ اور ورکشاپس منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔ پی ایس اے گوادر یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران کے لیے بین الاقوامی فیڈریشن بائیو سیفٹی ایسوسی ایشن سرٹیفکیشن امتحان انٹرنیشنل کے حوالے سے سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے سہولت اور مواقع فراہم کرے گی۔ اس موقع پر پی ایس اے او وائس چانسلر گوادر یونیورسٹی رحمت اللہ، اسسٹنٹ رجسٹرار عبدالماجد اور یونیورسٹی انتظامیہ کے افسران بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 17

اسلام آباد (این این آئی) امریکا پاکستان انسداد دہشتگردی ڈائیلاگ اختتام پذیر ہو گئے، امریکی اور پاکستانی حکام نے 6 مارچ کو انسداد دہشتگردی ڈائیلاگ شروع کیے تھے۔ امریکی سفارتخانے سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق دو روزہ اجلاس کی صدارت امریکی محکمہ خارجہ کے قائم مقام کوآرڈینیٹر نے کی۔ پاکستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کے ایڈیشنل سیکریٹری برائے اقوام متحدہ نے کی۔

شال بقیہ 18

منعقد ہوا میر اسرار اللہ خان زہری بلا مقابلہ صدر اور سید اکبر شاہ بلا مقابلہ سیکریٹری جنرل منتخب ہو گئے تفصیلات کے مطابق خضدار میں آج بلوچستان کی قوم پرستانہ سیاست کے لئے مشعل راہ اور نیا باب کا آغاز ہوا ہے بی این پی عوامی کا چوتھا قومی کونسل سیشن خوش اسلوبی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا مرکزی صدر کے لیے میر اسرار اللہ خان زہری بلا مقابلہ پارٹی کا صدر منتخب ہوا اور سیکرٹری جنرل کے لیے سابق سینیٹر سید اکبر شاہ بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں الیکشن کمیٹی نے نو منتخب مرکزی کابینہ سے حلف لیا بعد ازاں نو منتخب صدر میر اسرار اللہ خان زہری اور مرکزی سیکریٹری جنرل سید اکبر شاہ نے مرکزی کونسلران سے خطاب کرتے ہوئے کہ ہماری سیاست کا محور بلوچ قوم پرست جماعتوں و اکابرین کو متحد کر کے بلوچستان کے ساحل و وسائل کا ہر محاذ پر دفاع کرنے کی جد مسلسل ہے ہم نے سیاسی جماعتیں بالخصوص قوم پرست جماعتوں کو متحد کرنے کیلئے کوشاں ہیں بدقسمتی ہے کہ سب مفادات کا سیاست کر رہے ہیں اب ہم عمر کے اس مقام پر ہے جہاں ہمیں اتحاد و اتفاق کر کے قومی وسائل کو لوٹ کھسوٹ سے بچانا ہے بلوچستان وہ بدبخت درخت ہے جسے ہر راہ گزر پتھر مار کر نقصان پہنچاتا ہے۔

شال بقیہ 19

کے مطابق گزشتہ روز خضدار کے علاقے لکھو میں مسلح افراد کی گھر میں گھس کر فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہو گئے ہیں واقعہ پرانی دشمنی ہو سکتا ہے، ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئی۔

شال بقیہ 20

نازکو ضلع کچہری میں جوڈیشل مجسٹریٹ بارہ ثمینہ نسرین کی عدالت میں پیش کیا گیا، دونوں نے جوڈیشل مجسٹریٹ کے سامنے بارکھان واقعے سے متعلق اپنے بیانات قلمبند کرائے۔ بیان کے بعد پولیس سردار عبدالرحمان کو سخت سیکیورٹی کے حصار میں لیکر عدالت سے روانہ ہو گئی۔ گراں نازکو کرائم برانچ پولیس کے ملنے نے عدالت میں پیش کیا جبکہ سردار عبدالرحمان کھیتران کو پولیس عدالت لائی۔ سردار عبدالرحمان کھیتران جوڈیشل ریمانڈ پر ڈسٹرکٹ جیل کوئٹہ میں ہیں۔ اس دوران پولیس نے صحافیوں کو جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں کوریج سے روک دیا۔

شال بقیہ 21

مطابق پاک بحریہ نے کارروائی کرتے ہوئے 4 ارب روپے کی 280 کلو منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پاک بحریہ کے جہاز نے علاقائی میری ٹائم سیکیورٹی آپریشن کے دوران 280 کلوگرام کرسٹل آئس ضبط کی ہے۔ ضبط کی جانے والی منشیات کی بین الاقوامی مارکیٹ میں قیمت تقریباً 4 ارب روپے سے زائد ہے۔ پاک بحریہ کے ترجمان کے مطابق گرفتار کیے جانے والے اسمگلرز اور ضبط کی جانے والی منشیات کو مزید کارروائی کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے سپرد کر دیا گیا۔ ترجمان پاک بحریہ نے واضح کیا کہ منشیات اسمگلنگ کے خلاف کامیاب آپریشن پاک بحریہ کی سمندر میں موثر نگرانی کا نتیجہ ہے۔

شال بقیہ 22

جانب سے توشہ خانہ کیس میں عدالت میں پیش نہ ہونے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ترازو کے دونوں پلڑے برابر کرو، ہیروئن کے عادی شخص کو قوم پر تھوپنا بند کرو۔ منگل کو ٹوئٹر پر اپنے بیان میں مریم نواز شریف نے ٹوئٹر پر پوسٹ شیئر کیں جس پر مریم نواز اور نواز شریف کی تصویر پر لکھا تھا کہ 200 پیشیاں بمقابلہ عمران خان کی دو پیشیاں، دوسری پوسٹ پر لکھا کہ اقامہ جو تنخواہ بیٹے سے لی ہی نہیں دوسری طرف لکھا تھا ٹیریان خان بیٹی چھپایا، تیسری پوسٹ پر عمران خان دور حکومت پر گرفتار ہونے والی شخصیات کی تصاویر لگائی گئی جبکہ مقابلہ میں عمران خان کی تصویر تھی۔ چوتھی پوسٹ پر لکھا تھا کہ چھ ماہ تک نواز شریف کو بیل نہیں دی گئی جبکہ دوسری جانب عمران خان کو 48 گھنٹوں میں بیلز دی گئیں۔

شال بقیہ 23

کو پی اے سی نے ایک ماہ میں اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی تنخواہوں، مراعات اور پلاٹوں کی تفصیلات بھی طلب کی ہیں۔ اس سے قبل پی اے سی نے اعلیٰ عدلیہ کی مراعات کے حوالے رپورٹ مانگی تھی جس پر آڈیٹر جنرل نے بتایا کہ انہیں ریکارڈ تک رسائی تک نہیں مل رہی۔ موجودہ اجلاس میں دوبارہ یہ معاملہ اٹھایا گیا اور چیئرمین پی اے سی نے ایک ماہ میں اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی تنخواہوں، مراعات اور پلاٹوں کی تفصیلات طلب کر لیں۔

شال بقیہ 24

08 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ منگل کو این آئی ایچ کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران 2 ہزار 229 کورونا ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 30 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے، اس طرح اس مدت میں کورونا ٹیسٹ کی مثبت شرح 35.1 فیصد رہی۔ مزید برآں اس دوران کورونا وائرس کے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 08 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر کے شہروں میں کیے گئے کورونا ٹیسٹوں میں سے اسلام آباد میں 173 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 6 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر شرح 47.3 فیصد رہی، اسی طرح لاہور میں 435 ٹیسٹوں میں سے 6 ٹیسٹ مثبت اور شرح 38.1 فیصد رہی جبکہ ملتان میں کیے گئے 114 ٹیسٹوں میں سے ایک ٹیسٹ مثبت آیا اور وہاں پر شرح 88.0 فیصد رہی۔

شال بقیہ 25

کریں گے، اس کے علاوہ عمران خان سندھ کا بھی دورہ کریں گے۔ تحریک انصاف کی مرکزی رہنما مسرت جمشید چیمہ کے مطابق عمران خان کی زیر قیادت آج بدھ کے روز عدلیہ بچاؤ پاکستان بچاؤ ریلی نکالی جائے گی۔ ریلی زمان پارک سے شروع ہو کر داتا دربار میں اختتام پذیر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ریلی آئین و قانون کی حکمرانی اور عدلیہ سے اظہار یکجہتی کے لئے نکالی جا رہی ہے جس میں لاکھوں کی تعداد میں عوام شریک ہوں گے۔

شال بقیہ 26

خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں صرف 22 فیصد خواتین ایسی ہیں جو کہ انٹرنیٹ کا استعمال جانتی ہیں، دور حاضر میں جہاں عورتیں دفاتر، بازاروں اور سکول کالجز میں محفوظ نہیں ہیں وہیں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی پلیٹ فارم پر بھی محفوظ نہیں، آن لائن کام کرتے ہوئے انہیں سائبر کرائم ہراسمنٹ اور اسی جیسی کئی مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک کی نصف آبادی خواتین پر مشتمل ہے جنہیں ترقی کے عمل میں شامل کرنا ناگزیر ہے خواتین کو تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ کاروباری سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

شال بقیہ 27

کا فیصلہ سنا دیا۔ فیصلے میں عدالت نے رانا ثنا اللہ کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے پولیس کو حکم دیا کہ انہیں گرفتار کر کے 28 مارچ کو عدالت پیش کیا جائے۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی کی اتحادی سابقہ حکومت پنجاب نے 2021 اپریل اور جنوری 2022 میں عدلیہ اور سرکاری افسران کو دھمکیاں دینے کے الزام میں وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کے خلاف دہشت گردی کا مقدمہ درج کیا تھا۔ شکایت کنندہ نے موقف اختیار کیا تھا کہ 15 اپریل 2021 اور 29 جنوری 2022 کو اپنی تقاریر میں وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے عدلیہ کو اپنا فرض ادا کرنے سے روکنے اور پنجاب پولیس کے افسران کے بچوں کو مارنے کی دھمکی دی تھی۔ ایف آئی آر میں رانا ثنا اللہ کا بیان بھی شامل کیا گیا ہے جو نجی ٹی وی کے پروگرام نیا پاکستان پر نشر ہوا تھا۔ ایف آئی آر میں کہا گیا کہ رانا ثنا اللہ کے بیان کا مقصد عدلیہ، چیف سیکرٹری پنجاب، کمشنر اور ملک کے عوام میں خوف و ہراس پھیلانا تھا، ان کا مقصد سرکاری ملازمین کو اپنے فرائض کی ادائیگی اور قانونی ذمہ داریوں کو پورا کرنے سے روکنا تھا۔ درخواست گزار نے کہا کہ وفاقی وزیر کی تقاریر نے عدلیہ، بیوروکریسی، پولیس، انتظامیہ اور قوم میں خوف و ہراس پھیلایا اور استدعا کی گئی ہے کہ رانا ثنا اللہ کے بیان کی تحقیقات کی جائیں اور انہیں سزا دی جائے تاکہ سرکاری اہلکاروں کے خلاف بولنے والے دوسرے شہریوں کے لیے ایک مثال بن سکے۔

شال بقیہ 28

اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن کے نمائندے نے وصول کیا اور لاشیں ورثا کے حوالے کیں۔ حکام کے مطابق تمام افراد کی لاشیں گجرات ڈویژن بھیجی گئیں۔

شال بقیہ 29

عملی اقدام اٹھایا، خواتین کو منصفانہ حقوق کی فراہمی اور ان کے تحفظ کیلئے نہ صرف قوانین بنائے بلکہ ان کو قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے۔ خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ عورت اپنے ہر روپ میں معاشرے کے ایک کارآمد فرد کے طور پر اپنا کردار ادا کرتی ہے، خدائی صفات کی حامل ماں ایک انسان کو نو ماہ تک اپنی کوکھ میں رکھ کر جنم دیتی اور اس کی پرورش کرتی ہے، خاتون جب بہن کا روپ دھارتی ہے تو وہ انسان کو معاشرے میں دوسروں کی عزت کرنا سکھاتی ہے اور جب رحمت بن کر بیٹی کے روپ میں انسان کے آنگن کو رونق بخشتی ہے تو اسے معاشرے کا ایک ذمہ دار فرد بناتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دین اسلام نے خواتین کو آج سے 14 سو سال پہلے برابری کے حقوق دیئے، ماں کے قدموں تلے جنت اور بیٹی کو گھر کی رحمت قرار دیا، اسلام میں خواتین کے وقار کو ماند کئے بغیر انہیں زندگی کے ہر شعبے میں مثبت کردار ادا کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

شال بقیہ 30

ترقی میں ہمیشہ سے اہم کردار ادا کرتی چلی آئی ہے انہوں نے کہا کہ دین اسلام تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کے حقوق کے تحفظ اور انکی مذہبی آزادی کی ضمانت فراہم کرتا ہے اور صوبائی حکومت نے بھی اقلیتوں کے تحفظ کے لیے خصوصی اقدامات کرتے ہوئے صوبہ بھر میں مندروں اور گردواروں کے تحفظ کو یقینی بنایا ہے اور اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی کے ساتھ تمام حقوق دیے جا رہے ہیں اقلیتوں سے تعلق رکھنے افراد کی بڑی تعداد کو خصوصی طور پر پولیس فورس میں بھرتی کیا گیا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں موجود ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والے قدیم مذہبی مقامات کو تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے بلوچستان میں ہنگلاج ماتا مندر جیسی قدیم ہندو عبادت گاہ موجود ہے اور آج تک وہاں ہندو برادری اپنی تمام مذہبی رسومات مکمل آزادی کے ساتھ ادا کر رہی ہے پورے ملک سمیت بیرون ممالک سے ہندو زائرین ہنگلاج ماتا مندر آتے ہیں اور بلوچستان کے تمام لوگ بلا تفریق رنگ و نسل و مذہب اپنی تمام قدیم روایات کو احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں۔

شال بقیہ 31

4 رکنی بینچ نے حکم جاری کیا۔ حکم نامہ ممبر نثار درانی، شاہ محمد جتوئی، بابر حسن بھروانہ اور جسٹس (ر) اکرام اللہ نے جاری کیا۔ الیکشن کمیشن نے حکم دیا ہے کہ آئی جی پولیس 14 مارچ کو عمران خان اور فواد چوہدری کو پیش کریں۔

شال بقیہ 32

ڈی پی میں شامل کرنے کے لئے وفاقی حکومت سے رابطہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بابر کچھ ڈیم کا تخمینہ لاگت 73 ارب روپے، برج عزیز خان ڈیم کا تخمینہ لاگت 48 ارب روپے اور بلک ڈیم کا تخمینہ لاگت 22 ارب روپے ہے۔ وفاقی حکومت سے ان منصوبوں کو وفاقی پی ایس ڈی پی 24-2023 میں شامل کرنے کی درخواست کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کو لکھے مراسلے میں 73 ارب روپے کی لاگت کے بابر کچھ ڈیم کا منصوبہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کی درخواست کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے مراسلے میں لکھا کہ کوئٹہ کی پانی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے بابر کچھ ڈیم کی تعمیر ناگزیر ہے، صوبائی حکومت نے بابر کچھ ڈیم کے علاوہ برج عزیز خان ڈیم اور بلک ڈیم منصوبوں کی فیزیبلٹی بھی تیار کی ہے۔ انہوں نے مراسلے میں لکھا کہ ڈیموں کی تعمیر سے پانی کی ضروریات پورا کرنے کے علاوہ سیلابی پانی کے ضیاع اور سیلاب کی تباہ کاریوں سے بھی بچنا ممکن ہو گا، وفاقی حکومت بابر کچھ ڈیم کے علاوہ برج عزیز خان ڈیم اور بلک ڈیم کی تعمیر میں معاونت کرے۔

شال بقیہ 33

عمران خان عدالتوں کو کہہ رہا ہے کہ میں ویڈیو لنک پر پیش ہوں گا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ یہ وہ شخص ہے جس نے چار سال حکومت بھی ویڈیو لنک پر چلائی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ لوگ اسکے لانگ مارچ میں گولیاں کھاتے رہے اور یہ پلستر باندھ کر زمان پارک میں ویڈیو لنک پر بیٹھا رہا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ یہ کہتا ہے میں عدالت بچاؤ تحریک چلانا چاہ رہا ہوں، یہ عدالت بچاؤ نہیں عدالت سے بچو تحریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نے عدالت میں پیش نہیں ہونا، اس نے افراتفری جاری رکھنی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اسے ڈر ہے کہ کہیں معیشت میں استحکام نہ آ جائے، اس لئے افراتفری مچا رکھی ہے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ نواز شریف اپنی بیٹی کے ساتھ روزانہ کی بنیاد پر عدالت میں پیش ہوتا تھا۔

شال بقیہ 34

دل کی دھڑکن دس منٹ تک رکی رہی، طبی عملے کی جانب سے بزرگ کو فوری طور پر سی پی آر دیا گیا، ساتھ ہی الیکٹرک شاکس بھی دیے گئے جس کے نتیجے میں 10 منٹ بعد ضعیف شخص کی دل کی دھڑکن بحال ہو گئی۔ بعد ازاں بزرگ کو اصفیہ ہیلتھ سینٹر منتقل کر دیا گیا جہاں طبیعت میں بہتری کے بعد اب انہیں ڈسچارج کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ سال کی شروعات سے اب تک مسجد نبوی میں 7 ہارٹ اٹیک کیسز سامنے آ چکے ہیں۔

شال بقیہ 35

جواب جمع کروایا۔ دوران سماعت وکیل عمران خان بیرسٹر گوہر نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ معاملے پر حکم امتناع بھی دے چکی ہے جبکہ ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن کو عمران خان کے خلاف کوئی بھی حکم جاری کرنے سے روک رکھا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ ہائیکورٹ نے کمیشن کو حتمی فیصلے سے روکا ہے سماعت سے نہیں، جس پر بیرسٹر گوہر خان نے کہا کہ سماعت سے روکنے کے حکم کا تو میں بھی نہیں کہہ رہا۔ درخواست گزار آفاق احمد نے کہا کہ الیکشن کمیشن مجھے غلط نوٹس بھیجتا رہا ہے اور اسحاق ڈار کے نوٹس بھی مجھے بھیجے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لاء کی جاہلی کی وجہ سے نوٹس غلط اور تاخیر سے پہنچے۔ چیف الیکشن کمشنر نے آفاق احمد کی سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ کسی پر انگلی نہ اٹھائیں، اپنی آواز بھی نیچے رکھیں اور صرف کیس پر بات کریں۔

شال بقیہ 36

ہے کہ دہشت گردی کے بڑھتے واقعات تشویشناک ہیں اور ان کارروائیوں کے تانے بانے بھارت سے ملتے ہیں جو کچھ ناعاقبت اندیش لوگوں کو استعمال کر کے اس طرح کی بزدلانہ کارروائیاں کر رہا ہے اور نہیں چاہتا کہ پاکستان میں امن قائم ہو لیکن اس کا یہ خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ یہ واقعہ امن وامان کی فضا کو سبوتاژ کرنے کی مذموم کارروائی ہے اور دھماکے کے ذمہ دار قانون کی گرفت سے نہیں بچ پائیں گے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ دہشت گرد عناصر ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت ملک میں دہشتگردی کی فضاء قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جسے کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیوں سے پاکستانی قوم کا دہشت گردی کے خلاف پختہ عزم اور حوصلہ کمزور نہیں پڑ سکتا اور اس طرح کی بزدلانہ کارروائیوں سے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور قوم کے حوصلے پست نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں دہشت گردی کے واقعات ملک میں امن و امان کی صورتحال خراب کرنے کی دہشت گردوں کے مذموم مقاصد کے لئے کی جانے والی کارروائیوں کی کڑی ہے جسے ہر صورت ناکام بنایا جائے گا۔

شال بقیہ 37

قلی کوتوالی میں پارٹی ورکروں کے جانب سے دیئے گئے استقبالیہ تقریب اور قلی افغر گ سنجاوی میں شمولیتی اجتماعات سے خطاب کیا قلی افغر گ سنجاوی سے نصراللہ دمڑ، حاجی رازق دمڑ، نور محمد دمڑ، اشراف الدین دمڑ، فضل الدین دمڑ، غلام نبی زوران، رؤف غروشی، عبداللہ زئیجی، ادریس، مجید دمڑ، ولی محمد زنچیل، پرویز دمڑ، پاردین دمڑ، نیاز محمد دمڑ، شریف دمڑ، رشید خان، عزیز اللہ، غلام حیدر زئی، علاؤالدین دمڑ، وہاب دمڑ، خان محمد ستریانی، فتح ماسٹر نظیر احمد، نصیر خان، جنت محمد، جمیل خان، محمد عباس، حبیب زوران، عبدالخالق زوران، عبدالصادق زوران، ایاز غدرزئی، سفر خان اسماعیل دمڑ، روف خان دمڑ، عبداللہ دمڑ، حیان خان، نظر خان نے اپنے خاندان اور ساتھیوں سمیت جمیعت علماء اسلام ف اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سے مستعفی ہو کر بلوچستان عوامی پارٹی اور حاجی نور محمد خان دمڑ کاروان میں شامل ہو گئے سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہمارے منظور شدہ ترقیاتی منصوبے معیاری اور پی سی ون کے مطابق تعمیر اور مکمل ہوں گے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے ضلع زیارت و سنجاوی جاری ترقیاتی منصوبوں کو معیاری اور پی سی ون کے مطابق وقت مقررہ پر تعمیر کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ محکموں کے انجینئرز جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کرے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ عوام نے ہمیں اپنے مشکلات اور مسائل حل کرنے کے لیے منتخب کیا ہے اپنی عوام کو کبھی مایوس نہیں کروں گا ہم نے سنجاوی و زیارت میں تاریخی ترقیاتی کام کئے جو اس علاقے کی تقدیر بدل دیں گی۔

شال بقیہ 38

میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ سالار حافظ سید سعد اللہ آغا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا حافظ سردار محمد نورزئی حافظ سراج الدین مفتی رحمت اللہ حاجی قاسم خان خلجی مولانا مفتی محمد ابوبکر حاجی صالح محمد مولانا محمد عارف شمشیر ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ ملک عبداللہ خان ناصر حاجی عبداللہ سلیمان خیل حافظ رحمان گل حافظ دوست محمد اور دیگر نے مشترکہ اخباری بیان میں کیا ہے انہوں نے کہا کہ ملک کو بحرانوں کا "تختہ مشق" بنانے میں تمام ادارے ملوث ہیں، عدلیہ سمیت تمام وفاقی اور سول ادارے قوم کی عدالت میں اعتماد کھو بیٹھے ہیں، ملک کی تباہی میں سیاست دانوں سے زیادہ بند کمروں میں فیصلے کرنے والے ذمہ دار ہیں، انصاف کی مسند پر فائز شخصیات کی آڈیو لیکس نے انصاف کی حقیقت کو طشت از بام کر دیا، اب قوم باشعور ہو چکی ہے کہ وطن عزیز کو ذاتی خواہشات اور ہوس کے عوض کمزور کرنے اور معاشی طور پر دنیا کا غلام بنانے میں کون لوگ ملوث ہیں، ضروری ہے کہ جمہوری جماعتیں ذاتی انا کو قربان کر کے ایک ایجنڈے پر متفق ہو کر ملک کے مستقبل کے خدوخال کا تعین کریں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی پشت پناہی کرنے والے تمام لوگ بے نقاب ہو گئے۔

شال بقیہ 39

سٹیک ہولڈرز اس معاملے پر خلوص سے باہم گفت و شنید کا راستہ اختیار کریں کیونکہ سیاسی عدم استحکام سے ملک کو پہلے ہی بہت بڑا نقصان اٹھانا پڑا ہے، پارلیمنٹ سیاسی جماعتوں میں بات چیت کی راہ ہموار کرنے کیلئے تیار ہے، ملک کو درپیش چیلنجز کا حل پارلیمان کے ذریعے ہی ممکن ہو سکتا ہے، ملک کے معاشی اور سیاسی استحکام کیلئے بات چیت کا راستہ اختیار کرنا بے حد ضروری ہے کیونکہ معاشی استحکام سیاسی استحکام سے جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے، زرعی ملک میں گندم کی کمی نہیں ہونی چاہیے اگر ہم اپنے کسانوں کو سہولیات فراہم کریں گے تو ان کی پیداوار میں اضافہ ہو گا، ڈالر میں گندم کی خریداری کر کے عوام کو ریلیف دینا ایک مشکل کام ہے، کسانوں کی سپورٹ کے ذریعے ہی ملک میں گندم کی کمی کو پورا کیا جا سکتا ہے، پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والا ملک ہے، موسمیاتی تبدیلیوں کی تمام اقسام نے ہمیں متاثر کیا ہے۔

شال بقیہ 40

کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ ایک ڈکٹیٹر پرویز مشرف جو اب اس دنیا میں نہیں رہے انہوں نے بھی ملک میں میڈیا چینلز کو اجازت دی، پہلی دفعہ ہوا کہ ان چینلز کو بھی اجازت دی گئی جنہیں ایجنسیوں نے کلیئر نہیں کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک میں تباہی اور بربادی کے حالات ہیں، آئی ایم ایف کی ایگزیکٹو کی میٹنگ کی بات نہیں کر رہا پہلی میٹنگ میں بھی سات آٹھ دن لگتے ہیں، پی ڈی ایم پھوٹ کا شکار ہے ان میں دراڑ پڑ چکی ہے، (ن) لیگ پہلے ہی تباہی کا شکار ہے اور اب انتخابات ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اور پی ٹی آئی کے خلاف کیسز سے کچھ بھی نہیں ہو گا، جو عمران خان کو گرفتار یا نااہل کرے گا وہ عمران خان کی اور تحریک انصاف کی خدمت کرے گا، آپ کے پلے کچھ ہے ہی نہیں، آپ نے غریب کو مہنگائی دی ہے، غریب کو زندہ درگور کر دیا ہے اور آپ کے لئے الیکشن میں جانے کے حالات نہیں ہے، ملک کو اس عذاب میں نہ ڈالیں کہ لوگ باہر نکل آئیں اور آپ سے انتقام لیں اور آپ بھاگ بھی نہ سکیں، نواز شریف کو بلائیں انہیں مزید کتنا وقت چاہیے، جو دس ماہ میں نواز شریف کو نہیں لا سکے وہ ملک کے مسائل کیا حل کریں گے، قوم دعا کرے کہ خدا کی ذات ملک کو ان چوروں لٹیروں ڈاکوؤں اور بددیانتوں سے نجات دلائے اور نئی حکومت آئے۔

شال بقیہ 41

کے گھر میں گیس لیکج کی وجہ سے دھماکہ میں 6 افراد کی شہادت اور 4 شدید زخمی دلخراش واقعہ میں قیمتی انسانوں کی شہادت پر اظہار افسوس اور غمزدہ خاندان کے غم میں برابر شریک ہونے کا اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ آج اس دلخراش واقعہ کی ذمہ دار گیس انتظامیہ ہے گیس حکام کے لوڈشیڈنگ سے عوام آئے روز جنازے اٹھا رہے ہیں گیس حکام کے خلاف ایف آئی آر کاٹ دیا جائے اور گیس محکمہ فوری طور پر معاوضہ دیا جائے عوام نے گیس لوڈشیڈنگ کی کئی بار آواز اٹھائی ہے لیکن گیس حکام کو سنائی نہیں دیا جا رہا ہے گیس حکام ہوش کے ناخن لے عوام کو مجبور نہ کرے کہ ان کو گیس کے دفتر سے نکالیں اور دفتروں کو تالا لگائیں کب تک عوام جنازے اٹھاتے رہنگی عدلیہ ایسے دلخراش واقعات کا از خود نوٹس لے اور پچاس پچاس لاکھ کی کس معاوضہ ان سے لواحقین کو دلوایا جائے اور حکومتی سطح پر ان کے ساتھ ہر قسم کی کمک تعاون کیا جائے اور گیس کے اعلیٰ حکام کے خلاف جلد از جلد قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ آئندہ اسطرح افسوسناک واقع پیش نہ ہو جائے۔

شال بقیہ 42

لگانے سے ہی کام نہیں چلے گا بلکہ ان پودوں کی بھرپور نگہداشت اور پرورش کرنا بھی اہم ضروری ہے تاکہ مستقبل میں یہ لگائے گئے پودے ایک بہتر سرمائے کے طور پر کام آسکیں انہوں نے مزید کہا کہ مرحلہ وار سب ڈویژن سریاب کے مختلف علاقوں اور عوامی مقامات پر پودے لگائے جائیں گے۔ شجرکاری کی ضرورت اور افادیت کے حوالے سے علاقہ مکینوں کو بھی باور کروایا جائے گا کہ وہ بھی درخت لگائیں اور ان کا خیال بھی رکھیں تاکہ ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور شہر کی خوبصورتی میں وہ اپنا حصہ ڈال سکیں آخر میں انہوں نے کہا کہ شجرکاری مہم کے حوالے سے انتظامیہ بھرپور تعاون فراہم کر رہی ہے اور عوام سے بھی درخواست ہے کہ وہ انتظامیہ کے ہاتھ مضبوط کریں اور جتنے ہو سکے زیادہ سے زیادہ پودے لگائیں تاکہ مستقبل میں ان سے مستفید ہو جا سکے۔

شال بقیہ 43

بنائیں۔ بائیومیٹرک سسٹم کے ذریعے حاضری لگائی جائے گی۔ تمام افسران عوامی خدمت کو اپنا شعار بنائیں اور خاص کر صحت اور تعلیم کے حوالے سے ڈاکٹرز اور ٹیچرز اپنی حاضری یقینی بنائیں۔ اس طرح ضلع میں جاری اسکیمات میں ناقص میٹریل اور کام کی سستی برداشت نہیں کریں گے اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس متحرک ہو کر کام کریں عوام کو مقررہ قیمتوں پر اشیاء خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ گراں فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کی جائیں۔ گراں فروشوں کے خلاف مقدمات کا اندراج اور گرفتاریاں کی جائیں۔

شال بقیہ 44

باعث افسوس ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گرلز مڈل اسکول رند وزئی گرلز پرائمری اسکول، بابوزئی گرلز پرائمری اسکول عبدازئی جو پچھلے سال سے اساتذہ نہ ہونے کی وجہ سے مکمل بند ہے، اسی طرح گرلز مڈل سکول ٹھپری میں صرف ایک ٹیچر ہے۔

شال بقیہ 45

تعلیم کیلئے کئے اور لوگوں کو آگاہی فراہم کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم لسبیلہ اور ESP یونیسف لسبیلہ کی جانب سے ضلعی انتظامیہ اور موٹروے پولیس کے تعاون سے لسبیلہ یونیورسٹی کے سامنے ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل کے طلبہ کلب کے ممبران کے ذریعے مین آر سی ڈی شاہراہ پر گزرنے والی چھوٹی بڑی مسافر گاڑیوں اور آٹو رکشاؤں میں داخلہ مہم 2023 کے حوالے پمفلٹ تقسیم کیئے گئے اور لوگوں کو داخلہ مہم کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔

شال بقیہ 46

راج کمار، آفس سیکریٹری لیاقت راجپوت اور عبدالوہاب نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے اپنے اتحادیوں کے ساتھ اپنا وعدہ پورا کر کے بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے سینئر رہنما اور سردار اختر جان مینگل کے کاروان کے دیرینہ ساتھی ملک عبدالولی کاکڑ کے گورنر تعیناتی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں مسلم لیگ ن کی حکومت کا بلوچستان کے مفاد میں ایک درست اور جامع فیصلہ کیا ہے۔

شال بقیہ 47

لیگ پاکستان اور جام گروپ پینل اتحاد دو نشستیں حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا ایل پی بی ٹی سے ٹی ایل پی کے کامیاب امیدوار معروف شخصیت انیس اکبرلاسی کی چیئرمین شپ یقینی بن گئی ہے عوامی حلقوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انیس اکبرلاسی کی یونین کونسل ناکہ کھارزئی میں چیئرمین شپ کیلئے مضبوط پوزیشن کو نیک شگون قرار دیا ہے۔

شال بقیہ 48

کرے تاکہ 6 گھنٹے کی بجلی سپلائی بحال جاری ہو سکے، انہوں نے کہا کہ زمیندار ایکشن کمیٹی کی جانب سے کیسکو حکام اور حکومت بلوچستان کے ذمہ داران کے ساتھ مرحلہ وار مذاکرات جاری ہے جس کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے انہوں نے کہا کہ زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان کے زمینداروں کی ترجمان تنظیم کے طور پر اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہے، 2 مارچ کو بلوچستان بھر کے زمینداروں نے جو یکجہتی اور اتحاد کا مظاہرہ کیا اس کی نظیر نہیں ملتی، مذاکرات کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔

شال بقیہ 49

گیچی، دالیں وغیرہ ذخیرہ اندوزوں اور مہنگائی کرنے والے من مانے من پسند ریٹ مقرر کر کے عوام کو لوٹ رہے ہیں، عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے خاص کر دودھ میں ملاوٹ کر کے زیادہ قیمتوں پر فروخت کی جا رہی ہے، ڈپٹی کمشنر صارفین کے مشورے سے ریٹ مقرر کریں اس کے علاوہ زرعی اجناس کے ریٹ مقرر کیے جائیں۔

شال بقیہ 50

مون سون کی تباہ کن بارشوں اور تاریخ کے بدترین سیلاب نے ضلع جھل مگسی کے روڈز انفراسٹرکچر کو بڑے پیمانے پر تہس نہس کر دیا ہے خصوصاً تو تال تو گنداوہ شاہ پور کو ملیامیٹ کر دیا ہے جس سے لوگوں کو آمد و رفت میں مشکلات درپیش آ رہی ہیں حکومت بلوچستان روڈز نیٹ ورک کی مکمل بحالی کے لئے دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے تمام تر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ ضلع کی عوام کو با آسانی سفری سہولیات میسر ہوں۔

شال بقیہ 51

پور ڈسٹرکٹ ایک پسماندہ علاقہ ہے یہاں کی عوام بالکل غریب ہے اور سیلاب نے پورے ڈسٹرکٹ کی انفراسٹرکچر تباہ کر دیا ہے اور میری سب سے پہلی ترجیح عام شہری کو ریلیف ہے ایجوکیشن، کمیونیکیشن اور غریب سیلاب متاثرین کی بحالی ہے جس پر میرے اسسٹنٹ کمشنر عبدالکریم کچی اور ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے آفیسران لگے ہوئے ہیں ملیریا سے بچاؤ کے لئے اسپرے مہم کا آغاز کر دیا ہے اور ساتھ ساتھ شجر کاری بھی کی گئی اور دیگر مسائل پر کڑی نظر ہے حالیہ سیلاب سے انفراسٹرکچر تباہ ہو گیا تھا ان پر بھی کام ہو رہا ہے اور ڈیلی کی بنیاد پر ضلعی آفیسران سے میٹنگ ہو رہی ہے اور ڈیلی کی بنیاد پر مکمل معلومات لی جا رہی ہے میری کوشش ہے کہ عام غریب آدمی کو ریلیف ملے اور ان کے مسائل ان کی ہی تحصیل میں حل ہو سکے۔

شال بقیہ 52

خیال کیا گیا ڈویژن کمشنر کو ڈویژن کمشنر سعید احمد عمرانی اے ڈی ایس اور امیر محمد کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ژوب ایک نیا ڈویژن بنا ہے اور یہ فخر کی بات ہے جو یہاں پر بلوچستان گیمز کا انعقاد ہوا اور ملکی سطح پر بھی مختلف گیمز کا آغاز ژوب میں ہو گے اور سپورٹس کی افادیت پر روشنی ڈالی باہر سے آنے والے تمام کھلاڑیوں کو ادوی سپورٹس افسر جمیل احمد مستوئی اور امیر محمد کاکڑ نے کمشنر ژوب ڈویژن سعید احمد عمرانی اور ایس پی ژوب خلیل اللہ کاکڑ کو سوینئر پیش کیے۔

شال بقیہ 53

مثال کے طور پر ہمارے سامنے موجود ہے سائنس، سیاست، معیشت، سماج اور زندگی کے دیگر شعبوں میں اگر خواتین کی شرکت کو یقینی نہیں بنایا جاتا تو ترقی و خوشحالی ایک خواب بن کر رہ جائے گی مقام افسوس ہے کہ آج بھی ہمارے ملک اور دنیا کے ترقی پذیر ممالک میں خواتین کو وہ مقام نہیں دیا جاتا جس کا ایک انسان کی حیثیت سے خواتین حق دار ہے خواتین کو کبھی سماجی اقدار، رسم رواج تو کبھی اندھی تقلید کی وجہ سے پسماندہ رکھا گیا حتیٰ کہ ہمارے ملک میں کئی سیاسی جماعتوں میں ابھی تک خواتین کی نمائندگی موجود نہیں مقررین نے کہا کہ ایک طرف قبائلی اقدار اور روایات میں خواتین کو عزت و احترام دیا جاتا ہے۔

شال بقیہ 54

سے تین موٹر سائیکلوں کے چیسس فریم برآمد کر لئے۔ کارروائی میں ایک ملزم منور علی کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

شال بقیہ 55

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے فورسز کی استعداد کار بڑھانے میں پوری معاونت کرے تاکہ ملک سے دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینکا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ اب وقت آن پہنچا ہے کہ ان چند گنے چنے دہشت گردوں کے خلاف بے رحمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ایسا واقعہ رونما نہ ہو سکے انہوں نے مزید کہا کہ ایسے دہشت گردوں کارروائیوں سے صوبے کے امن کو سبوتاژ نہیں کیا جاسکتا۔ سردار زادہ میر حیر بیار خان ڈوکی کا کہنا ہے کہ عوام اور سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے خاتمے کے لئے ایک پیج پر متحد ہیں اور شہداء کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ خودکش حملے میں ہونے والے شہداء کے خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ پاک شہداء کے درجات بلند کرے اور زخمیوں کو جلد اور مکمل صحت یابی عطا کرے۔

شال بقیہ 56

اعظم بشیر پھر میں گذشتہ روز شدید طوفانی ژالہ باری نے زردآلو، بادام، گندم، مرچ، ٹماٹر اور پیاز کی پنیری کی مکمل طور پر تباہ ہو گئی جس سے مکر کے زمینداران کروڑوں روپے کے نقصانات سے دو چار ہو کر نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں اور زمینداروں کی پورے سال کی محنت ضائع ہو گئی انہوں نے صوبائی وزیر اعلیٰ اور صوبائی حکومت سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل مکر کو فوری طور پر آفت زدہ قرار دے کر زمینداروں مدد کرنے کے احکامات جاری کریں تاکہ زمینداروں کا مداوا ہو سکے۔

شال بقیہ 57

سیلاچی نے کہا کہ پاکستان میں مردم شماری کو خاص اہمیت حاصل ہے کیونکہ اس سے آبادی کی تعداد اس کے مختلف طبقوں کی صحت تعلیم روزگار معاشی حالت اور نقل و حرکت کے بارے میں معلومات حاصل کی جاتی ہیں۔ ان معلومات کی روشنی میں آئندہ کے لئے آبادی کی فلاح و بہبود اور ملک کی ترقی کے لئے منصوبہ بندی کی جاتی ہے اس سے ہر علاقے کے تعلیم صحت قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی نشستیں طلباء کے لئے میڈیکل اور انجینئرنگ کی سیٹیں وغیرہ وغیرہ کا حساب لگایا جاتا ہے اس لئے ہر ملک میں ایک مخصوص وقفے کے بعد باقاعدہ طور پر مردم شماری کی جاتی ہے۔

شال بقیہ 58

ڈپٹی کمشنر الیاس بلوچ نے کی تعلیمی واک میں سکولوں کے طلباء سمیت سول سوسائٹی یوسف اور بی آر ایس پی کے نمائندوں نے شرکت کی واک کے شرکاء سے ڈپٹی کمشنر بلوچ اور احمد حسین سومرو ایجوکیشن آفیسر عابد حسین اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کے بغیر انسان کا وجود نامکمل ہے۔

شال بقیہ 59

کہا کہ لیویز انٹیلی جنس کی خفیہ رپورٹ میں شہر کی مختلف دکانوں میں جعلی مشروبات فروخت کی جانے کی اطلاع مختلف دکانوں پر چھاپے مارے ہیں اور چھ کے قریب دکانیں سیل کی گئیں ہیں انہوں نے کہا کہ رمضان شریف کی آمد سے قبل ہی جعلی مشروب بنانے والے سرگرم ہو جاتے ہیں اور رمضان شریف میں زہریلے مشروبات عوام پر فروخت کر کے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹتے ہیں ہم عوام کی غیر معیاری مشروبات سمیت دیگر اشیاء خورد و نوش کرنے والے تاجروں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھے گے۔

شال بقیہ 60

مالاڑی، ڈاکٹر ثناء اللہ چنال اور دیگر موجود تھے۔ اس موقع پر شمولیت اختیار کرنے والے میر نور الدین بارونی اور میر عبدالحفیظ بارونی نے کہا کہ ہم گذشتہ دو دہائیوں سے میر ظفر اللہ خان زہری کے ساتھ تھے اور اس دوران ان کی کامیابی کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائے لیکن وہاں ہمیں مکمل نظر انداز کر دیا جاتا تھا اور ہمیں وہاں کچھ نہیں ملا۔

شال بقیہ 61

اور 3 پاکستان ٹائٹل جیت کر تاریخ رقم کی 5 فٹ 11 انچ مین فزیک فلکس میں صوبے کے تن ساز کاشف شاہ نے 2 گولڈ اور مین فزیک ٹائٹل 2023 کے اعزازات اپنے نام کئے 6 فٹ مین فزیک فلکس کے مقابلے میں عالمگیر خان نے 2 گولڈ اور 6 فٹ مین فزیک فلکس ٹائٹل 2023 اپنے نام کیا۔ جونیئر پاکستان 70 کے جی کے مقابلے میں بلوچستان کے تن ساز محمد نبی نے ایک گولڈ اپنے نام کرنے کے علاوہ ٹائٹل فائٹ میں بھی سلور میڈل حاصل کی اسکے علاوہ محمد نبی نے 5 فٹ 7 انچ مین فزیک میں بھی سلور میڈل حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ نصرت خان نے کلاسک فزیک اور باڈی بلڈنگ کے مقابلے میں سلور میڈلز حاصل کئے۔

شال بقیہ 62

فورسز اور شہریوں کو نشتر گرتا ہو گا انھوں نے کہا کہ بے گناہ شہید ہونے والوں کے قتل میں ملوث عناصر کسی قسم کے رعایت کے مستحق نہیں ہیں ان کے خلاف کارروائی عمل میں لا کر سخت لائحہ عمل طے کر کے ان کو نشان عبرت بنایا جائے تاکہ دہشتگردی کا خاتمہ ہو سکے حکومت کو چاہیے کہ زخمیوں کے علاج معالجے کی تمام سہولیات فراہم کرے اور شہید ہونے والے سیکورٹی فورسز اور زخمیوں کیلئے فوری مالی امداد کا اعلان کرے تاکہ ان لواحقین کو کچھ زندگی گزارنے کا سہارا مل سکے۔

شال بقیہ 63

پارک کی بجائے لاہور میں زنانہ پارک بنایا ہوا ہے جبکہ واضح مثال عمران کی اپنی ایم پی اے کی آڈیو لیکس ہیں ایک آڈیو میں یاسمین راشد کس طرح اپنی ایم پی اے کو رات کے وقت زمان پارک جانے کے لئے کہہ رہی ہیں۔

شال بقیہ 64

میں کہا کہ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے صوبائی کمیٹی اجلاس کے فیصلے کے مطابق 12 مارچ بروز اتوار کو کوئٹہ میں (ہر بچہ سکول میں) کے نام سے تعلیمی مہم کے سلسلے میں ایک عظیم الشان ریلی نکالی جائے گی جس میں یونیورسٹیوں، کالجز، اور سکولوں کے طلباء کی بہت بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ اس سلسلے میں مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئی۔ آرگنائزنگ کمیٹی کے مزید کہنا تھا کہ پشتون بلوچ صوبے کا تعلیمی نظام اس وقت تباہی سے دو چار ہے۔

شال بقیہ 65

عبدالولی کاکڑ قبائلی و سیاسی رہنما کے طور پر اچھی ساکھ کے حامل ہیں اور امید ہے کہ وہ اس اہم آئینی منصب کی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بطور گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کی تعیناتی سے سیاسی جماعتوں کے درمیان افہام و تفہیم اور جمہوری عمل کو مستحکم بنانے اور بلوچستان میں بھائی چارے اور باہمی اتحاد و اتفاق کو فروغ دینے میں مدد ملے گی اور وہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

شال بقیہ 66

بلانوش والفیدرین سے ٹیلر ریکو ڈک سینڈک تک یہ سب زمین صرف اور صرف سنجرانی قوم کی ملکیت ہیں۔

شال بقیہ 67

کاکڑ سیکورٹی اہلکاروں کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی پر مامور اہلکاران سمیت مردم شماری، خانہ شماری پر مشتمل ٹیموں کے حوالے سے بھی ہدایات جاری کیے بہادر خان کاکڑ کا کہنا تھا کہ اس قومی مہم میں کوئی غفلت اور کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی تاہم ضلعی انتظامیہ کی طرف سیاساتذہ کرام کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رہے گا تاکہ یہ قومی فریضہ خوش اسلوبی، ایمانداری کے ساتھ بروقت اختتام پذیر ہو اور اس بابت عوام کو شکایت کا موقع نہ دیا جائے۔

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL SOUTH Invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2022 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates.

Tender Fee Rs.1500/- and Bid Security 3% TS222303262873

S No	Name of Scheme	E/Cost
1	SOLAR SYSTEM FOR HOMES GRESHA DIFFERENT AREAS UCS AREAS GRESHA NALL KHUZDAR	10,000,000/-

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules — 2014. **Eligibility of Bidders**: Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work. Turnover of at least 3,000,000 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (up to 25 million) in Relevant category and specialized code is EE 11 (i) (Solar). Declaration of Non Blacklisting on Non Judicial Stamp Paper. Registration of Firm With BPPRA **Procedure Of Procurement**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 3 % specified above in the name of the under-signed From a scheduled bank. **Tender Documents**: The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,500 PKR. Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 22nd March, 2023, during office hours on working days. **Last Date of bid submission**: The Tenders must be submitted latest by 22nd March, 2023 11:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **12:30 PM. Address:** C-30, Railway Housing Society, Joint Road, Quetta

Phone no: 0300-9383825 Email: baloch-nusrat@hotmailcom

DIRECTOR GENERAL SOUTH ENERGY DEPATMENTY

PRQ No2778/7-3-2023

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily SHAL Quetta
4
08 مارچ 2023ء
روزنامہ شال

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پوری قوم متحد ہے، ثمینہ زہری

دہشت گرد اپنی بزدلانہ کارروائیوں سے بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں

ڈھاڈر کے قریب بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی پر خودکش حملہ بزدل دشمن کی کارروائی ہے، ذمہ دار بہت جلد قانون کی گرفت میں ہوں گے، مذمتی بیان

کوئٹہ (خ ن) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے گزشتہ روز ضلع بولان کی تحصیل میں ڈھاڈر کے قریب بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی پر خودکش حملے میں بلوچستان کانسٹیبلری کے جوانوں اور عام شہریوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعہ کو انتہائی بزدلانہ فعل قرار دیا اور کہا کہ وطن کی حفاظت جیسے فرض پر مامور سیکیورٹی اہلکاروں پر دہشت گردوں کا بزدلانہ حملہ کھلی دہشت گردی ہے۔ دہشت گرد اپنی بزدلانہ کارروائیوں سے بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں۔ صوبے کی عوام دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں اپنی فوج اور دیگر سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: ریجنل ہیڈ وفاق محتسب غلام سرور بروہی سے کیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ملاقات کررہے ہیں

گیس حکام کے لوڈشیڈنگ سے عوام آئے روز جنازے اٹھا رہے ہیں، جمیعت نظریاتی

گیس حکام کے خلاف ایف آئی آر کاٹ دیا جائے اور گیس محکمہ فوری طور پر معاوضہ دیا جائے

گیس حکام ہوش کے ناخن لے عوام کو مجبور نہ کرے کہ ان کو گیس کے دفتر سے نکالیں، قاری مہر اللہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی شیخ الحدیث مولانا سراج الدین، مولانا نیاز محمد، مولانا خدائے نظر، حاجی عبیداللہ حقانی حاجی واد محمد، مولانا حافظ عبیداللہ، مفتی عبدالرحمن، مولانا رحمت اللہ حقانی، مولانا اللہ بخش، حاجی فیض اللہ اخوندزادہ، مولانا محمد ابراہیم، آغا ابراہیم شاہ، نادر خان اچکزئی، مولانا علاؤالدین، مولانا شمس اللہ، مولانا محمد صادق مولانا محمد حسن و دیگر نے سرکی تعلقہ مولوی عبدالعزیز بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

شجرکاری مہم کے حوالے سے انتظامیہ بھرپور تعاون فراہم کررہی ہے، نثار احمد لانگو

مرحلہ وار سب ڈویژن سریاب کے مختلف علاقوں اور عوامی مقامات پر پودے لگائے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر سریاب نثار احمد لانگو اور پرنسپل پوسٹ گریجویٹ کالج سریاب روڈ پروفیسر حسین بلوچ نے کالج میں پودے لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کیا۔ اس موقع پر انہوں نے طلباء سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وہ بھی اس اہم سرگرمی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور زیادہ سے زیادہ درخت اپنے کالج میں لگا کر اس کو مثالی بنائیں جس سے نہ صرف کالج کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا بلکہ پرفضا ماحول بھی میسر ہوگا انہوں نے کہا کہ صرف پودے بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

تمام محکمے اپنی کارکردگی کو بہتر بنائیں، ڈپٹی کمشنر سوبان سلیم دشتی

عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے بھرپور اقدامات کریں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوبان سلیم دشتی کی زیر صدارت افسران کے ساتھ تعارفی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام محکموں کے ضلعی آفیسران نے شرکت کی اور اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی کا جائزہ رپورٹ پیش کی اور ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر سوبان سلیم دشتی نے اس موقع پر کہا کہ تمام محکمے اپنی کارکردگی کو بہتر بنائیں عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے بھرپور اقدامات کریں۔ سرکاری دفاتر میں صبح 9 بجے تمام افسران اور ملازمین اپنی حاضری کو یقینی بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

ملک عبدالولی کاکڑ کے گورنر تعیناتی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، مسلم لیگ (ن)

پاکستان مسلم لیگ ن کی حکومت بلوچستان کے احساس محرومی ختم کرنے کیلئے کوشاں ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی سینیئر نائب صدر ملک ظاہر خان کاکڑ، سینیئر نائب صدر میر فاروق ماندائی، سینیئر نائب صدر میر عطاء اللہ محمد زئی، صوبائی سیکرٹری اطلاعات نصیر خان اچکزئی، صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر شکیب علیزئی، صوبائی نائب صدر میر زمان لہڑی، ملک جمعہ خان، سردار دودا خان شاہوانی، جلیل خان موسیٰ خیل، میر نثار بلوچ صوبائی جوائنٹ سیکرٹری، ڈاکٹر نعیم بلوچ صوبائی جوائنٹ سیکرٹری، سینیئر رہنما بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

عام شہری کو سہولیات فراہم کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے، فیاض علی صاحب

صحبت پور ڈسٹرکٹ ایک پسماندہ علاقہ ہے یہاں کی عوام مشکل غریب ہے

ماجھی پور (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر صحبت پور ریٹائرڈ کیپٹن جناب فیاض علی صاحب نے کہا ہے کہ عام شہری کو سہولیات فراہم کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے جس میں صحت ایجوکیشن، کمیونیکیشن۔ اور غریب سیلاب متاثرین کو ہر ممکن کوشش ہے ان کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لئے اقدامات کروں گا۔ ان خیالات کا اظہار نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر ریٹائرڈ کیپٹن فیاض علی صاحب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صحت بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ایچ ڈی پی شعبہ خواتین کے زیر اہتمام عالمی یوم خواتین کی مناسبت سے تقریب

دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی ترقی میں خواتین کا کردار ایک مثال کے طور پر ہمارے سامنے موجود ہے مقررین

کوئٹہ (این این آئی) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی شعبہ خواتین کے زیر اہتمام عالمی یوم خواتین کی مناسبت سے ہزارہ ٹاؤن میں تقریب منعقد ہوئی جس سے پارٹی کے رکن مرکزی کونسل سیما جاوید، انٹرنیشنل کراٹے پلیئر شاہدہ عباسی، محترمہ سارہ سحر، محترمہ صادقہ سلطان اور محترمہ مہناز یہ فیضی نے خطاب کرتے ہوئے خواتین کی زندگی کے تمام شعبوں میں برابری کی بنیاد پر شرکت کو ضروری قرار دیا، انہوں نے کہا کہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی ترقی میں خواتین کا کردار ایک بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

پاکستان بطور ریاست اور شہریوں کو خواتین پر تشدد سے بچا یقینی بنانا ہوگا، سکینہ عبداللہ

ہمارے اولین کا قول ہے کہ خواتین کی طاقت قلم اور تلوار سے زیادہ ہے

خواتین کو مساوی حقوق اور مواقع یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان وومن ونگ کی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری وفوکل پرسن برائے اور سیز پاکستانی سکینہ عبداللہ خان کا خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان بطور ریاست اور شہریوں کو خواتین پر تشدد سے بچا یقینی بنانا ہوگا، خواتین کو مساوی حقوق اور مواقع یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے خواتین کی عالمی دن کے موقع پر مختلف شعبوں میں خواتین کی جدو جہد کو خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا کہ ہمارے اولین کا قول ہے کہ خواتین کی طاقت قلم اور تلوار سے زیادہ ہے، پاکستان بطور ریاست اور شہریوں کو خواتین پر تشدد سے بچا یقینی بنانا ہوگا، تعلیم، ملازمتوں میں یکساں مواقع کی فراہمی پر اتفاق کرتے ہیں، خواتین کی ہر جگہ حفاظت، وراثت میں حصہ یقینی بنانا ہوگا۔

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، نور محمد دمڑ

حلقہ پی بی 6 زیارت کم ہرنائی میں موجودہ حکومت کے دور میں جتنے ترقیاتی کام ہوئے ان کی مثال 70 سالوں میں بھی نہیں ملتی

ہمارے منظور شدہ ترقیاتی منصوبے معیاری اور پی سی ون کے مطابق تعمیر اور مکمل ہو گئے، سینیئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات

سنجاوی (آن لائن) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حلقہ پی بی 6 زیارت کم ہرنائی میں موجودہ حکومت کے دور میں جتنے ترقیاتی کام ہوئے ان کی مثال 70 سالوں میں بھی نہیں ملتی حلقے میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جسکے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ سنجاوی کے دوران سنجاوی میں نئے منصوبوں کے افتتاحی تقریبات، پارٹی کارکنوں اور شمولیتی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے یونین کونسل پوئی شریف کے منظور شدہ روڈ کا افتتاح کیا اس کے علاوہ، پوئی شریف کمیونٹی ہال کے سنگ بنیاد رکھ کر کمیونٹی ہال کی تعمیر کا افتتاح کیا سنجاوی بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اپنے دفتر میں لوگوں کی جانب سے پیش کی گئی درخواستوں پر احکامات جاری کر رہے ہیں

یونین کونسل غبرگ میں بند سکولوں کا نوٹس لیا جائے، ملک نعمت اللہ بازئی

اساتذہ کی کمی کو دور اور درسی کتابوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، غبرگ علاقائی یونٹ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی غبرگ علاقائی یونٹ کے سیکرٹری ملک نعمت اللہ بازئی، سینئر معاون عبدالمنان بازئی، معاونین یاسین خان بازئی، اطلاعات انجینئر مقصود بازئی، فاروق خان، اصغر خان، احسان اللہ، شریف لالا، عصمت اللہ و دیگر اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کوئٹہ سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر غبرگ کا علاقہ موجود ہے لیکن یہاں تعلیمی نظام درہم برہم ہے کئی بار محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام کو اس کی شکایت کی گئی لیکن ان کی غیر سنجیدگی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

محکمہ تعلیم لسبیلہ اور یونیسیف لسبیلہ کی داخلہ مہم کے سلسلے میں مشترکہ آگاہی مہم

اوتھل (نامہ نگار) محکمہ تعلیم لسبیلہ اور یونیسیف لسبیلہ کی داخلہ مہم کے سلسلے میں مشترکہ آگاہی مہم میں آرسی ڈی شاہراہ سے گزرنے والی چھوٹی بڑی مسافر گاڑیوں اور آٹو رکشاؤں میں داخلہ مہم 2023 کے حوالے پمفلٹ بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی نے سینیٹ میں پارلیمانی لیڈر تبدیل کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی نے سینیٹ میں پارلیمانی لیڈر تبدیل کر دیا۔ گزشتہ روز بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے چیئرمین سینیٹ کو خط لکھ دیا ہے جس میں بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور احمد کاکڑ کو پارلیمانی لیڈر نامزد کیا گیا ہے سینیٹ سیکرٹریٹ نے منظور کاکڑ کی بطور پارلیمانی لیڈر تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

سالانہ دستار فضیلت کانفرنس کے تمام تر انتظامات اور تیاریاں مکمل

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ رحیمیہ شمس العلوم کلی چلتن ریسانی بزار کلی کے زیر اہتمام سالانہ دستار فضیلت کانفرنس کے تمام تر انتظامات اور تیاریاں مکمل کر دی گئی دستار فضیلت کانفرنس کی سیکورٹی انتظامات جمعیت علماء اسلام انصار الاسلام کے سالار صلاح الدین عبدالعلی ترین نور محمد کی سربراہی میں انصار الاسلام کے رضا کار سرانجام دیں گے دستار فضیلت کانفرنس آج ہوگی۔

ژوب ڈویژن میں بلوچستان گیمز کا انعقاد باعث فخر ہے، سعید احمد عمرانی

ملکی سطح پر بھی مختلف گیمز کا آغاز ژوب سے ہوگئے، ڈویژن کمشنر

ژوب (نامہ نگار) بلوچستان گیمز ژوب ڈویژن کوالیفائنگ راؤنڈ ژوب ڈویژن 2023 آرگنائزڈ بائے ڈسٹرکٹ سپورٹس آفسر ژوب کے سلسلے میں آج عرفان کاسی اسٹیڈیم میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا پروگرام کا آغاز باقاعدہ تلاوت کلام پاک سے ہوا اور قومی ترانہ بجایا گیا چیف گیسٹ ڈویژن کمشنر سعید احمد عمرانی تھے جس نے تمام ٹیموں سے مصافحہ کیا ہمراہ ایس پی ژوب خلیل اللہ کاکڑ بھی تھے سپورٹس افسر جمیل احمد مستوئی نے سپورٹس کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

چمن اسسٹنٹ کمشنر بہار خان کاکڑ مردم شماری وخانہ شماری پر مامور ٹیموں کی نگرانی کے موقع پر بات چیت کررہے ہیں

انیس اکبر لاسی کی چیئرمین شپ کیلئے پوزیشن مستحکم ہوگئی

بیلا (این این آئی) یونین کونسل ناکہ کھارڑی کی مخصوص نشستوں پر بھی ٹی ایل پی کی برتری انیس اکبر لاسی کی چیئرمین شپ کیلئے پوزیشن مستحکم ہوگئی تفصیل کے مطابق یونین کونسل ناکہ کھارڑی کی مخصوص پر تحریک بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

بجلی کی 2 گھنٹے سپلائی بڑھا کر 6 گھنٹے کردی گئی ہے، زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان

زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان کے زمینداروں کی ترجمان تنظیم کے طور پر اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان کے مرکزی رہنما کاظم خان اچکزئی نے 2 مارچ کو کامیاب پہیہ جام ہڑتال پر ضلع قلعہ عبداللہ گلستان اور چمن کے زمینداروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ ناروا لوڈشیڈنگ کے خلاف سڑک بلاک کے بعد دو گھنٹے کی سپلائی کو بڑھا کر 6 گھنٹے کر دی گئی ہے سیزن شروع ہو چکا ہے قلعہ عبداللہ گرد کے 26 فیڈرز گلستان گرڈ کے 26 فیڈرز کے تمام زمینداروں سے اپیل ہے کہ وہ موجودہ مہینے کا بل جلد از جلد جمع بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین کا گنداواہ نوتال شاہراہ کا دورہ

جھل مگسی (خ ن) گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین نے گنداواہ تا نوتال شاہراہ کا دورہ کیا شاہراہ پر محکمہ مواصلات و تعمیرات کی جانب سے جاری ترقیاتی کام کا معائنہ کیا اور متعلقہ محکمے کے اہلکاروں کو جلد از جلد شاہراہ کے کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہدایات کی ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین نے کہا ہے کہ گزشتہ برس بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر میں بے پناہ مہنگائی، گراں فروشی کو روزانہ کی بنیاد پر کنٹرول کرنا ضروری ہے، رحیم کاکڑ

عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے خاص کر دودھ میں ملاوٹ کر کے زیادہ قیمتوں پر فروخت کی جا رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے اراکین سابق میئر رحیم کاکڑ، آغا عمر شاہ، میر واعس کاکڑ ایڈووکیٹ، ملک نصیب اللہ، ملک جام الدین، ملک پائند خان، عمر فاروق ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، احمد علی کاکڑ، فراز خان، نجم الدین، شاہ مقصود، نعیم جمال اور بشیر احمد نے اپنے مشترکہ بیان میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کوئٹہ شہر میں بے پناہ مہنگائی، گراں فروشی کو روزانہ کی بنیاد پر کنٹرول کرنا ضروری ہے اس وقت گوشت، سبزیاں، آٹا، بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

سی آئی اے حب کا جرائم و منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری ہے

حب (این این آئی) ایس ایس پی حب محمد مراد کی ہدایت ڈی ایس پی جمیل احمد باجوئی کی سربراہی میں سی آئی اے حب انچارج طارق رحیم جاموٹ نے کارروائی کرتے ہوئے ساکران دہوراہت کے مقام پر گھر پے چھاپہ مار کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے مختلف علاقوں سے چوری کی گئی موٹر سائیکلوں کے پارٹس اور کراچی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

نصیرآباد: ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری رینٹ اسسمنٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

مشکل حالات میں فوڈ سیکیورٹی ایک بڑا چیلنج ہے، پرویز اشرف

عام انتخابات کا انعقاد ایک ہی دن ہونا ملک کے وسیع تر مفاد میں ہے، الیکشن کے انعقاد میں الیکشن کمیشن، حکومت اور تمام سیاسی جماعتیں اہم فریق ہیں

ملک کے معاشی اور سیاسی استحکام کیلئے گفت وشنید کا راستہ اختیار کرنا ہوگا، جس سے نبرد آزما ہونے کیلئے کسانوں کو سہولیات فراہم کرنا ہوں گی، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ عام انتخابات کا انعقاد ایک ہی دن ہونا ملک کے وسیع تر مفاد میں ہے، الیکشن کے انعقاد میں الیکشن کمیشن، حکومت اور تمام سیاسی جماعتیں اہم فریق ہیں، ملک کے معاشی اور سیاسی استحکام کیلئے گفت وشنید کا راستہ اختیار کرنا ہوگا، مشکل حالات میں فوڈ سیکیورٹی ایک بڑا چیلنج جس سے نبرد آزما ہونے کیلئے کسانوں کو سہولیات فراہم کرنا ہوگی۔ منگل کو یہاں پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف پارلیمنٹری سروسز (پپس) میں ماحولیاتی اعتبار سے زرعی اور فوڈ سیکیورٹی کے چیلنجز اور اس کے ممکنہ حل کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ عام انتخابات کا ایک ہی دن انعقاد ملک کی وسیع تر مفاد میں ہے تمام بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اختر حسین لانگو بلوچستان یونیورسٹی سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک کو تباہ و برباد کرنے والے مزید ہوش کے ناخن لیں، علماء کوئٹہ

قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی جانب سے اٹھائے گئے چشم کشا سوالات پر ریاست غور کرے

ملک کو بحرانوں کا "تختہ مشق" بنانے میں تمام ادارے ملوث ہیں، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے سربراہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی جانب سے اٹھائے گئے چشم کشا سوالات پر ریاست غور کرے۔ لاڈلے کی محبت میں ملک کو تباہ و برباد کرنے والے مزید ہوش کے ناخن لیں۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خیشگی، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی عبدالسلام ریسانی مولانا عبدالاحد محمد حسنی مولانا حکیم حبیب اللہ حافظ عبدالحق حقانی مولانا محمد اشرف جان مفتی حنان اسلام یار محمدی مفتی عبدالغفور مدنی حاجی ولی محمد بڑیچ حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو سیکرٹری مالیات بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

گزشتہ روز طوفانی ژالہ باری نے زمینداروں کے مختلف فصلات تباہ کردیئے، زمینداران میختر

لورالائی (این این آئی) تحصیل میختر کے مختلف علاقوں کے قبائلی زمینداروں ملک جانک کلی چمازہ، ملک نیاز محمد کوکی، چیئرمین پیر محمد شیروان طور تھانہ، شیخ دولت خان طور تھانہ، ملک ماشو واکس چیئرمین طور تھانہ، ملک شیر محمد شیروان، دوست محمد کلی چمازہ، ملک سعداللہ دگان حمزہ زئی اور دیگر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل میختر کے اکثر علاقوں کلی چھپری کلی ماہیوال کلی چمازہ، کلی دگان حمزہ زئی، کلی کوکی، کلی شیروان حمزہ زئی، طور تھانہ کلی فازہ، ناہی بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

دہشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، سردار زادہ میر حیربیار خان ڈومکی

عوام اور سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے خاتمے کے لئے ایک پیج پر متحد ہیں

حکومت زخمیوں کو بہترین علاج کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کرے

بختیار آباد (نمائندہ شال) دہشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، عوام اور سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے خاتمے کے لئے ایک پیج پر متحد ہیں حکومت زخمیوں کو بہترین علاج کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کرے۔ سردار زادہ میر حیربیار خان ڈومکی۔ تفصیلات کے مطابق ممتاز قبائلی رہنما سردار زادہ میر حیربیار خان ڈومکی نے سبی کے نزدیک بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی پر خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر سریاب نثار احمد لانگو پوسٹ گریجویٹ کالج کوئٹہ میں درخت لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

بلوچستان نے باڈی بلڈنگ کے قومی سطح کے مقابلوں میں ایک مرتبہ پھر تاریخ رقم کردی

باڈی بلڈنگ میں بلوچستان نے 6 گولڈ، 2 سلور اور 3 پاکستان ٹائٹل کے اعزازات اپنے نام کئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نے باڈی بلڈنگ کے قومی سطح کے مقابلوں میں ایک مرتبہ پھر تاریخ رقم کرتے ہوئے 6 گولڈ، 2 سلور اور 3 پاکستان ٹائٹل کے اعزازات اپنے نام کئے تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے تین سالوں کے 71 ویں مسٹر اینڈ جونیئر پاکستان نیشنل باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ 2023 میں صوبے کی نمائندگی پر 6 گولڈ 2 سلور بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

بزدلانہ حملوں سے ہمارے سیکورٹی فورسز کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے، صدام حسین سونگی

بے گناہ شہید ہونے والوں کے قتل میں ملوث عناصر کسی قسم کے رعایت کے مستحق نہیں

گنداخہ (نامہ نگار) رئیس صدام حسین سونگی نے اپنے مذمتی بیان کہا کہ بولان واقع میں شہید ہونے والے جوانوں کے ورثہ سے تعزیت کرتے ہیں اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا گو ہیں اس طرح کے بزدلانہ حملوں سے ہمارے سیکورٹی فورسز کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے یہ دشمنوں کی پاکستان کے خلاف مذموم سازش ہے دہشتگردی کیخلاف سیکورٹی بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

میر نعمت اللہ زہری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیتوں کا سلسلہ جاری

سوراب (این این آئی) میر نوابزادہ میر نعمت اللہ زہری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیتوں کا سلسلہ جاری ہے زہر گدر سے تعلق رکھنے والے میر نورالدین ہارونی، میر عبدالحفیظ ہارونی، احمد دین ہارونی اپنے خاندان اور ساتھیوں سمیت جمعیت علماء اسلام سے مستعفی ہوکر حاجی عبدالواحد ہارونی کی موجودگی میں پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی۔ اس موقع پر میر محمد وارث ساتزئی، میر مشتاق احمد ہارونی، قبائلی رہنما میر حبیب قمبرانی، محمد اعظم بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی نازیبا حرکتوں سے باز آ جائے، مفتی نور احمد گوگو و دیگر کی پریس کانفرنس

بیلا (این این آئی) مفتی نور احمد گوگو مفتی محمد دین رونجھو مولانا حافظ محمد اعظم رونجھو مولوی عبداللہ گدور نے منگل کے روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی نازیبا حرکتوں سے باز آجائے نیازی ایک طرف ریاست مدینہ کی بات کرتا ہے اور دوسری جانب زمان پارک میں عمران اور ان کے رہنماؤں کا عورتوں کے ساتھ مکروہ دھندہ جاری ہے انہوں نے کہا پریس کانفرنس کا مقصد زمان پارک میں ہونے والی نازیبا حرکات ہیں عمران نے زمان بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

جھل مگسی: ڈپٹی کمشنر فلائیٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ یاسر حسین نوتال تا گنداواہ روڈ کی بحالی کے کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

اداروں اور فوج سے کہوں گا انتخابات ایک ہی دن کرانے کیلئے سب کو بٹھائیں، شیخ رشید

جو عمران خان کو گرفتار اور نااہل کرے گا وہ عمران خان کی اور تحریک انصاف کی خدمت کرے گا

آپ چلمن کے پیچھے رہیں سامنے نہ آئیں، آپ کی بات پیچھے رہ کر بھی سنی جاتی ہے، پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ اداروں اور فوج سے کہوں گا کہ انتخابات ایک ہی دن کرانے کے لئے سب کو بٹھائیں، آپ چلمن کے پیچھے رہیں، سامنے نہ آئیں آپ کی بات پیچھے رہ کر بھی سنی جاتی ہے، جو راولپنڈی سے اطلاعات مل رہی ہیں، ہوسکتا ہے کچھ دن آگے کر کے پیچھے کر کے سارے ملک میں انتخابات کا اعلان ہوجائے، شہباز شریف کے پاس عقل کا ہونا ضروری ہے کہ وہ قومی اسمبلی تحلیل کر دے، جو عمران خان کو گرفتار اور نااہل کرے گا وہ عمران خان کی اور تحریک انصاف کی خدمت کرے گا اب بھی وقت ہے ایم کیو ایم والے استعفے دے دیں، پیپلز پارٹی کسی صورت ان سے وفا نہیں نبھائے گے دغا بازی کرے گی۔ اپنی رہائشگاہ پر پریس کانفرنس بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

صوبے کا تعلیمی نظام اس وقت تباہی سے دوچار ہے، وارث افغان

تعلیم مہم کے سلسلے میں پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع کوئٹہ کا اجلاس آج 3 بجے طلب کیا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع کوئٹہ کے آرگنائزنگ باڈی کا اجلاس پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں ضلعی آرگنائزر وارث افغان کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں زونل آرگنائزر سیف اللہ خان، زونل سینئر آرگنائزر یار محمد بریال، آفس آرگنائزر عظیم افغان، مالیات آرگنائزر نواز خان کاکڑ اور ڈپٹی آرگنائزر حارون موسیٰ خیل نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں تنظیمی رپورٹ پیش کی گئی جس پر اجلاس میں اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کوئٹہ کے آرگنائزنگ باڈی نے اپنے بیان بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

مردم شماری وخانہ شماری میں کوئی غفلت اور کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، بہادر خان کاکڑ

یہ قومی فریضہ خوش اسلوبی، ایمانداری کے ساتھ بروقت اختتام پذیر ہو

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر یاسر خان بازئی کے خصوصی ہدایات کی روشنی میں یکم مارچ تک جاری رہنے والے ساتویں ڈیجیٹل مردم شماری وخانہ شماری کے سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر چمن بہادر خان کاکڑ کی زیر نگرانی لیویز فورس، ایف سی بلوچستان اور پولیس سمیت تمام محکمے مردم شماری میں اپنا مثبت کردار ادا کر رہے ہیں اس بابت اسسٹنٹ کمشنر نے لیویز فورس کے ہمراہ کلی کربلا ہمراتان کے مختلف مردم شماری وخانہ شماری ٹیموں کا فیلڈ وزٹ کیا اور سپروائزر حضرات سے سیکورٹی اور مردم شماری وخانہ شماری کے حوالے سے ان کے مشکلات اور تحفظات کے حوالے سے دریافت کیا جس پر انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا اور عوامی تعاون کو سراہا گیا جبکہ اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

ساتویں مردم شماری میں ہر فرد بڑھ چڑھ کر حصہ لے، سعید خان سیلاچی

ایک گھر میں جتنے شادی شدہ افراد ہیں وہ اپنی سربراہی الگ الگ ظاہر کریں، حبیب رند

سبی (این این آئی) بلوچستان بھر کی طرح سبی کی یونین کونسل تلی میں بھی یکم مارچ سے شروع ہونے والی مردم شماری کا عمل جاری ہے آج سیاسی وقبائلی شخصیت کونسلر سعید خان سیلاچی نے میر حبیب رند اور میر سیلاچی کے ہمراہ مردم شماری پر مامور اساتذہ کے ساتھ وزٹ کیا، اور مردم شماری کی ڈیوٹی پر مامور اساتذہ سے سعید خان سیلاچی نے مردم شماری کی اہمیت کے متعلق بات کی اور کہا کہ سب کا بنیادی فرض ہے اسے قومی ذمہ داری سے سرانجام دیں اس۔ موقع پر سپروائزر، پٹھان خان، خورشید احمد، ماسٹر نذیر احمد، اسداللہ، اور لیویز کا عملہ بھی موجود تھا کونسلر سعید خان بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

تعلیم کے بغیر انسان کا وجود نامکمل ہے، ڈپٹی کمشنر پنجگور امجد حسین سومرو

پنجگور (این این آئی) پنجگور ایجوکیشن آگاہی مہم کے سلسلے میں ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کے تحت ماڈل سکول چتکان سے جا کر اعظم چوک تک ایک واک کا اہتمام کیا گیا جسکی قیادت ڈپٹی کمشنر پنجگور امجد حسین سومرو ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عابد حسین بلوچ پرنسپل گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج پنجگور ڈاکٹر جاوید احمد بلوچ ایڈیشنل بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کا جعلی مشروبات کی دکانوں پر چھاپے چھ دکانیں سیل کردیں

کارروائی کے دوران مشروبات کے نمونے چیک کرنے کے لیے قبضے میں لے لیے

لورالائی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لورالائی سبحان سلیم دشتی کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر بوری ظہور احمد بلوچ نے انٹیلی جنس کی خفیہ اطلاع پر پرائس کنٹرول کمیٹی انچارج جہانگیر اتمانخیل، آرز محمد اختر محمد اور بھاری لیویز نفری کے ہمراہ کوئٹہ روڈ اور باچا خان چوک پر مشروبات کی تھوک کی دکانوں میں چھاپے مار کر چھ دکانیں سیل کر کے مختلف مشروبات کے سیمپل حاصل کرلیے جسکو چیک کیا جائیگا اسسٹنٹ کمشنر بوری ظہور احمد بلوچ نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

پاک ایران سرحدی علاقہ ماشکیل ٹو کنڈی روڈ بڑے میگا پروجیکٹ کا تعمیراتی کام بند

دوطرفہ تجارت متاثر، راہ مون ماشکیل کی بندش عذاب بن گئی

ماشکیل (این این آئی) پاک ایران سرحد پر واقع خشک دریا راہ مون ماشکیل (تیگ) ضلع واشک ایک معروف خشک جھیل ہے جو کچی اور ناہموار راستہ ہونے کے باعث بارشوں کے وقت شدید کیچڑ کا شکار ہو کر مہینوں بھر بند رہتا ہے یہ ایک بڑی گزرگاہ ہے جس پر خاران کوئٹہ تفتان کو کنڈی دالبندین سمیت کئی شہروں سے چھوٹے بڑے گاڑیاں ماشکیل آتے جاتے ہیں جن مسافر گاڑیوں بھی شامل ہیں کئی مسافر اپنی دو وقت کی روٹی کی تلاش میں مقامی انتظامیہ سے راہداری حاصل کر کے براستہ جھالنگ ایران جاتے ہیں راہ مون ماشکیل سے کئی لوگوں کے کاروبار و زیست و موت وابستہ ہے خصوصاً مقامی لوگ اپنے بچوں کا پیٹ پالنے بڑی تکلیف اور مشقت سے خشک دریائے راہ مون ماشکیل پر روزانہ سفر کرتے ہیں۔

ریکوڈک سنجرانی قبیلے کی جدی پشتی ملکیت ہے، زمین ہماری ماں ہے

کسی بھی قوم کے ساتھ کوئی سودا بازی نہیں کریں گے، ترجمان سنجرانی قومی اتحاد بلوچستان

نوکنڈی (این این آئی) سنجرانی قومی اتحاد بلوچستان کے مرکزی ترجمان نے محمد زئی قبیلہ کے چند افراد کی جانب سے ریکوڈک پراجیکٹ کی ملکیت کی دعویدار ہونے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ریکوڈک سنجرانی قبیلے کی جدی پشتی ملکیت ہے جس پر محمد زئی قبیلہ بلاوجہ پریس کانفرنس کر رہا ہے چاغی کے عوام کو بخوبی علم ہے کہ سنجرانی قوم انگریز کے زمانے سے پہلے چاغی میں موجود ہیں اور تمام زمینوں کے دستاویزات ہمارے پاس موجود ہیں کسی بھی قبائل کو ایک انچ زمین نہیں چاغی میں یہ سب بعد میں آکر قبضہ گیری کی ہے کو چکی چتر، پدگ، چاغی بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی عبدالولی خان کاکڑ کو گورنر بلوچستان تعینات ہونے پر مبارکباد

کوئٹہ (این این آئی) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ملک عبدالولی کاکڑ کو گورنر بلوچستان تعینات ہونے پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ ملک بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

زیارت: ڈپٹی کمشنر شبیر احمد بادینی کا بلوچستان گیمز ڈسٹرکٹ زیارت کوالیفائنگ راؤنڈ کے اختتام پر کھلاڑیوں کے ساتھ گروپ فوٹو